



INTERNATIONAL WOMEN CONFERENCE
28, 29 Nov 2013 Faisal Masjid, ISB

# Emerging Role of Women in Muslim Societies: Opportunities and Challenges

Seeking education is obligatory for ever Muslim, man and women. The Qur'an and the Hadiths (sayings of the Prophet Mohammad peace be upon him) have explicitly emphasized the importance of education as s social necessity for over 1500 years. The acquisition of knowledge and the use of this knowledge for the betterment of humanity are seen as sacred duties for Muslims. The words of the first wahi (revelation) were:

" Iqra be-ismi Rabbika allazee khalaqa" (Read! In the name of your Lord who created everything)-96 : 2.

The Holy Qur'an states that all believers, without distinction, are equal and that only righteous deeds elevate one person above another. Muslims therefore have an immense respect for righteous and pious men and women. Islamic history tells us that men and women both served in many capacities as teachers, doctors, leaders and even soldiers should the need arose.

Islam is concerned about the welfare of humanity and stresses upon the education and training of both men and women as critical to the well-being and advancement of communities and nations. The benefits of such education have traditionally been framed in terms of nurturing ones personality and character development but the importance of education today for economic growth material well-being of human beings cannot be denied.

People work together to construct a harmonious community for the collective prosperity and welfare of their societies. Ideally speaking, the systems of education, science and technology, must have a positive impact on both the material and spiritual dimension of the human beings-permitting each person to play their rightful role in the betterment of society. But when the skill-sets of people remain unutilized, then the question arises what must be done to prevent the wastefulness of human resource.

In Muslim societies, socio-economic status, level of education, parental expectations and getting married late in the life are factors that influence career decision making process and career development. Muslim women are seeking higher education and entering into almost all fields and professions, even those fields where women did not enter previously. But the flexibility in gender roles has not solved her problems. Today, a working woman considers childbearing a hindrance in career advancement. A working woman who bears children suffers from feelings of guilt or selfishness when she leaves the children in care of nanies or daycares.

When she leaves her home for work, she faces issues like unequal wages, harassment at job places, discrimination and lack of transportation facilities. When it comes to housework, the woman is either expected to shoulder dual responsibilities or if she is financially stronger than her spouse, then she insists that either she is provided a maid or the extent that either one or both compromise or take their separate ways. The victims of broken families are women generally, if she given the charge of her kids or the victims are children themselves if the home is broken. Thus the emerging role of modern Muslim woman is transforming the social dynamics in Muslim societies.

The family is of axial importance in Islam. Undoubtedly the family unit is strengthened by mutual respect, understanding and compassion. Consequently, Allah assigns primarily to men, the responsibility of earning for their family and women have been assigned the role of motherhood and the responsibility of looking after the children, in view of their natural capacity, proper functioning and for peace and harmony in relationships within the family. The challenge we face today is how to make the best use of the educational and economic opportunities available to women and what can their



contribution be towards their society, without endangering the sacred institution of our family. Viewed in the context, the conference invites papers from academicians, media persons, NGO workers and Policy makers from all over the world to dilate upon the theme "Emerging Role of Women in a Muslim Society: Opportunities and Challenges"

**On behalf of the organizing committee for the International Conference on the "Emerging Role of Women in Muslim Societies: Opportunities and Challenges." You are invited to attend this conference on 28, 29 November at Faisal Masjid, Islamabad-Pakistan. We sincerely hope that you would ensure the participation of your faculty and students and encourage the academia to present papers on the theme "Emerging Role of Women in Muslim Societies: Opportunities and Challenges."**

The primary interest of this Conference is a knowledge-based sociological change. Driven by globalization, the challenge that we face today is how to make the best use of the educational and economic opportunities available to women and what can their contribution be towards their society, without endangering the sacred institutions of our family. The conference offers a comprehensive overview of current thinking about women's role. Its perspective range from big picture analysis in keynote addresses by international experts in the field , to detailed case studies. It traverses a broad terrain, from theory and analysis to practical strategies for action.

Look forward for your kind participation
You may find regularly updated information about the conference on our website:
http:// www.internationalwomenconference.net
Should you require further information or have any questions,
please feel free to contact the conference secretariat at iwcimwu@gmail.com

INTERNATIONAL WOMEN CONFERENCE
28, 29 Nov 2013 Faisal Masjid, ISB

# Emerging Role of Muslim Societies: Opportunities anc

## ABOUT US

## International Muslim Women Union

### PREAMBLE

In line of the work of "Organization for Muslim". Women in July 31st. August 3rd 1996 has witnessed the gathering of Muslim Women from all over the world. Out of this international forum the International Muslim Women Union was formed.

### OBJECTIVES

1. Directing and guiding Muslim Women and through them all the women of the world to work together to achieve progress in all aspects of life, inspired by Islamic values and teachings.
2. Disseminating awareness of Islamic values and principles among Muslim Women and guiding them to develop an Islamic identity.
3. Helping women to overcome injustices and emancipating them from degrading and other practices incompatible with religious values and human dignity.
4. Strengthening the bonds of cooperation, benevolence and compassion among women worldwide.
5. Educating Muslim women and helping them to achieve their rights and to build and up hold happy families and thereby establish happy and healthy societies.
6. Striving for the dominance of justice, equity, upright conduct, rejection of all types of repression, development of dialogue between different cultures, religions and ideologies.
7. Providing an effective and active forum for women all over the world for expending their role in the cross cultural and interfaith dialogue.

### GENERAL CONGRESS

It is the supreme authority of the union and convenes once every three years.

### THE COUNCIL OF TRUSTEES (BT)

It consists of 30 members selected by the General Congress. The main function of the Board of Trustees is to make sure that the policies and plans of the Union are carried out as approved by the General Congress and as such issues rules, regulations and directives to the General Secretariat and the Secretary General.




### GENERAL SECRETARIAT

It is supreme executive authority of the Union.

### THE SECRETARY GENERAL

The Secretary General is the chief executive of the Union and the Chair-person of the General Secretariat.

### CONSULTATIVE AND ADVISORY BODIES & STANDING COMMITTEES

Their main function is to assist the Secretary General in performing the functions of the Union.

### REGIONAL BRANCHES

1) Arab World Affairs
2) Asian Affairs
3) European Affairs
4) N. American Affairs
5) S. American Affairs
6) South Pacific Affairs

They are headed by ASG's who represent the Union in the regions.

### SPECIALIZED OFFICES

1) Assistant Secretary General for Commun.
2) Assistant Secretary General for Finance
3) Assistant Secretary General for Planning
4) Assistant Secretary General for International Affairs
5) Assistant Secretary General for Research
6) Assistant Secretary General for Development

### ORGANIZATION OF THE HEADQUARTER

Four assistants of the secretary General work in close coordination with specialized offices.
1) Assistant Secretary General for Projects
2) Assistant Secretary General for Coordination
3) Assistant Secretary General for Publication
4) Assistant Secretary General for Information

### MEMBERSHIP OF THE UNION

a. Membership of the Union is open to very Muslim Women or Women Organizations, who are convince and bound by the objectives of the Union.

b. Honourary membership of distinguished women.

### CORE ORGANIZING COMMITTEE


- **DR. KOUSAR FIRDOUS**
  President Council of Trustees
  Ph: 0092-51-35506031
  Mob: 0092-321-8585779
  E-mail: kfirdouspk@yahoo.com
- **DR. ZAITOON BEGUM**
  Director Women Campus IIUI
- **DR. SAMIA RAHEEL QAZI**
  Assistant Secretary General IMWU Asia
  Ph: 0092-42-35419520-24 (5 lines)
  Mob: 0092-300-8460438
  Fax: 0092-42-35432194
  E-mail: raheel_qazi_ji@hotmail.com
  srqazi@mobilink.blackberry.com


ART & STYLEZ | 0300 807 1120 | artandstylez@gmail.com


WE WELCOME OUR
DISTINGUISHED GUESTS
ALBANIA
ALGERIA
EGYPT
HUNGARY
INDONESIA
IRAN
JORDAN
MALAYSIA
MAURITANIA
MOROCCO
NIGERIA
PAKISTAN
PALESTINE
RUSSIAN FEDERATION
SAUDI ARABIA
SRI LANKA
SUDAN
SYRIA
THAILAND
TUNIS
TURKEY
UGANDA
UNITED KINGDOM
YEMEN


INTERNATIONAL
WOMEN
CONFERENCE
RIPHAH INTERNATIONAL UNIVERSITY
Iqbal International Institute for Research & Dialogue
INTERNATIONAL ISLAMIC UNIVERSITY ISLAMABAD
IMWU
Emerging Role of Women
in Muslim Societies:
Opportunities and Challenges
28 - 29 November 2013
Organized by:
Riphah International University
Iqbal International Institute for Research & Dialogue,
International Islamic University
and
International Muslim Women Union
Quaid-i-Azam Auditorium, Faisal Masjid Islamabad, Pakistan


and
INTERNATIONAL
WOMEN
CONFERENCE
Organized by:
Riphah International University
and




Group photo of Foreign Delegates with Guests of Honors








INTERNATIONAL MUSLIM WOMEN UNION
6th General Congress
Date: 30th November to 1st December 2013
Islamabad Pakistan









6th General Congress
Date: 30th November to 1st December 2013
Islamabad Pakistan

# رپورٹ 2014ء



"بدلتی دُنیا میں عورت کا کردار"
ہفتہ 22 نومبر مینارِ پاکستان، لاہور
جماعتِ اسلامی

# بدلتی دنیا میں عورت کا اُبھرتا کردار

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

کہاں ہیں ڈیڑھ ارب مسلمان؟؟ کیا آپ کو ہماری چیخیں سنائی نہیں دیتیں؟ آپ لوگوں کو کیسے نیند آ جاتی ہے۔اتنی بے حسی کیوں طاری ہے؟؟ یہ تھیں وہ آوازیں جو اُمت کے زخمی وجود کے ہر حصے سے بلند ہو رہی تھیں۔ چاہے وہ فلسطین ہو، عراق ہو، شام ہو، کشمیر ہو، افغانستان ہو یا اب پاکستان۔ ہم کتنی دفعہ مل چکے، ہمارے لیڈر کتنی کانفرنسیں کر چکے، کتنا بول چکے، مگر نشتند، گفتند و برخاستند کر کے اپنے گھروں کو لوٹ جاتے ہیں اور اُمت کے جسد پر ایک اور زخم کھانے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ ہم جو کبھی دنیا کی امامت کرتے تھے۔لوگ ہم سے جینے کا سلیقہ سیکھا کرتے تھے مگر آج ہم صرف بولتے ہیں، اپنے زخم ہرے کرتے ہیں اور خاموشی سے خواب غفلت کی گہری نیند سو جاتے ہیں۔ آہنی اعصاب کی مالکہ ڈاکٹر سعاد الفاتح جو مسلمان عورتوں کی ایک بڑی عالمی تنظیم انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی بانی ہیں اپنے پر جوش خطاب میں جکارتہ میں جمع ہونے والی تمام دنیا سے آئی ہوئی مسلمان عورتوں کی نمائندوں سے مخاطب تھیں۔ انہوں نے ہم سب سے کہا کہ مارچ کا مہینہ آ رہا ہے۔ پھر زور و شور سے عورت کے حقوق کا آوازہ ابھرے گا، کانفرنسیں ہوں گی اور نہ عورت کا مقدر بدلے گا اور نہ اُسے اپنے فرائض کا احساس ہوگا اور نہ ہی اُسے حقوق ملیں گے۔

ہم کیوں یہ محرومی، یہ اُداسی اور یہ مایوسی اپنی نسلوں کو منتقل کر رہے ہیں اور ہم اس پر شرمندہ بھی نہیں ہوتے بلکہ بے حمیتی اور بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ ہمارے بچوں کو ہم ماؤں کی موجودگی کے باوجود Street Children کا نام دیا جا رہا ہے۔ اور ہماری مسلمان عورتیں پیرس اور نیو یارک کے شاپنگ مالز میں اپنی دولت اُڑا رہی ہیں۔ کیا ہمیں کوئی احساس ہے کہ ہم کس طرح کے جرم کی مرتکب ہو رہی ہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو دین لے کر آئے اس نے سب سے پہلے اور سب سے زیادہ عورت کو متاثر کیا اور اُسے تبدیل کیا۔ اس کلمہ نے اُسے جذبہ حریت سے آشنا کیا۔ اس لا الہ الا اللہ نے اُسے تمام خوفوں سے آزاد کیا۔ اس کلمے نے ہمیں جہانبانی اور جہانگیری سکھائی۔ ہماری تاریخ بھی فروزاں تھی اور ہمارا جغرافیہ بھی پھیل رہا تھا۔ اس وقت ہم حکمران تھے۔ علم سے آشنا تھے۔ اور یورپ تاریکیوں اور جہالت میں ڈوبا تھا۔ مگر پھر ہمارے ساتھ کیا ہوا۔ ہم علم سے بھی دور ہوتے چلے گئے اور اخلاقی زوال کا شکار بھی ہوئے۔ پہلے اپنے عقیدے اور اپنے رب سے دور ہوئے تو ہم نے اپنی شناخت ہی گم کر دی۔ اور آج ہم ایک دوسرے کو قتل کر کے تکلیف، اذیت میں مبتلا کر کے خوش ہوتے ہیں۔ ہم نے اپنے زرخیز خطوں کو کھو دیا ہے اور اپنی آزادی کو گروی رکھ دیا ہے۔

تہذیب جدید کے کڑوے کسیلے پھلوں میں ایک نیا اضافہ ہوا ہے کہ عورت عورت نہ رہے اور مرد مرد نہ رہے۔ اسے Gender کا نام دیا گیا ہے۔

ہمیں اب واضح طور پر اپنی آواز بلند کرنی ہے کہ میں عورت ہونے پر بہت فخر کرتی ہوں اور بہت خوش ہوں۔

**I am a proud women, I am not gender**

اللہ نے بطور انسان مرد اور عورت کو برابر پیدا کیا ہے مگر وہ ایک جیسے اور یکساں نہیں ہیں۔ وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں اور ہمیں جو لوگ اس مساوات اور حقوق کے فریب میں مبتلا کر رہے ہیں وہ دراصل ہمیں محبت اور حفاظت کے مضبوط حصاروں سے نکال کر غیر محفوظ کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں خود بھی مایوس نہیں ہونا اور اپنی نسلوں کو بھی عزم و ہمت سے آشنا کرانا ہے۔

مراکش سے وہاں کی خاتون لیڈر اور مشہور پارلیمنٹیرین خدیجہ مفید نے کہا کہ مسلمان عورت مستقبل کی نقشہ گر ہے۔ اس کو اپنے مسائل کا ادراک کر کے اپنے وسائل کو بروئے کار لا کر اُمت کی راہنمائی کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کرنا ہے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سے ڈاکٹر کوثر فردوس نے اتنی بڑی تعداد میں مسلمان خواتین راہنماؤں کے جمع ہونے پر مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ آج جبکہ دنیا ایک آنگن بلکہ ایک موبائل کے اندر سمٹ گئی ہے اور تہذیبی یلغار سب سے زیادہ عورت کو متاثر کر رہی ہے۔ میڈیا کا بڑھتا ہوا کردار بھی عورت کی ذات اور شناخت پر گہرے اثرات مرتب کر رہا ہے۔ اس کے لیے ہمیں عورتوں کا یہ عالمی فورم ایک پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے جس میں ہم خیالات و تجربات کا تبادلہ کر کے کوئی متفقہ لائحہ عمل تشکیل دے سکیں گے۔

انڈونیشیا کے وزیر مذہبی امور لقمان حکیم نے کہا کہ عورتیں تہذیبوں کی عمارت کا ستون ہوتی ہیں۔ اگر یہ ستون مضبوط ہوگا تو عمارت مضبوط ہوگی اور اگر ستون میں خرابی آ جائے تو پوری عمارت میں خرابی ہوگی۔

انڈونیشیا کی سیکرٹری خارجہ ڈاکٹر ایتی اندیانی نے کہا کہ یہ کانفرنس اس لیے بہت اہم ہے کہ نہ صرف مسلم اُمہ بلکہ انسانیت کو اُس عورت کی تلاش ہے جو اپنے خاندان اور معاشرے کی ترقی میں کردار ادا کر سکے۔ کانفرنس کی میزبان ڈاکٹر توتی علویہ جو کہ انڈونیشیا کی سابق وزیر امور خواتین ہیں، نے دنیا بھر سے آئی ہوئی خواتین کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بطور رول ماڈل سامنے رکھنے کی تلقین کی کہ آج کی مسلمان عورت کو اُن کے نقوش پر چلنا ہے اور اپنے آپ کو اُن کی سیرت سے آراستہ کرنا ہے۔ انہوں نے عورت کو اپنی ذات میں چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کا سلیقہ سکھایا ہے اور اپنی خودی سے آشنا کرایا ہے۔

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اتنی بڑی تعداد میں دنیا بھر سے آئی ہوئی خواتین کی آواز کو اب اور توانا ہونا چاہیے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سیرت کو اپنا آئیڈیل بنانے والی اُمت کی بیٹیوں کا فرض ہے کہ وہ آج کی عورت کو علم، محبت اور مکالمے کے ذریعے یہ یقین دلائیں کہ اسلام علم کا دین ہے، محبت کا دین ہے اور تہذیبوں کے درمیان مکالمے کا دین ہے۔ ہمیں ترجیحی بنیادوں پر درج ذیل سفارشات پر عمل درآمد کرنے کے لیے مربوط کوششیں کرنی ہیں۔

1۔ استحکام خاندان کے لیے بھرپور عملی سرگرمیوں کی ضرورت ہے۔ جہاں بڑوں اور بزرگوں کا احترام ہو، بچوں اور عورتوں کو محفوظ ماحول میسر ہو اور

اُن کی بنیادی ضرورتوں کا خیال رکھا جاتا ہو۔
خاندان کے ادارے کو جس منظم طریقے سے کمزور کیا جا رہا ہے اور اس کے لیے دنیا کے بہترین منصوبہ ساز واضح اور متعین ایجنڈے کے ساتھ بھرپور مادی وسائل کی مدد سے حملہ آور ہیں۔ ہمیں متبادل حکمت عملی اپنانی ہوگی۔

2۔ عالمی یوم خواتین کو ہر سال ایک اُم المومنین سے منسوب کیا جائے تا کہ ہم آج انھیں اپنے لیے رول ماڈل بنا سکیں۔ اس دفعہ کا یوم خواتین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنھا کے نام سے موسوم کر رہے ہیں۔ اور پوری دنیا کی اسلامی تحریکیں اُن کی روشن سیرت کو عام کرنے کی کوشش کریں گی۔

☆۔ 4 ستمبر کو عالمی یوم حجاب بھرپور سرگرمیوں کے ساتھ منایا جائے گا تا کہ تہذیبی وثقافتی یلغار کے مقابلے میں اسلامی تہذیب کا احیاء کیا جا سکے۔ اور یوم حجاب کو عورت اور خاندان کے تحفظ اور اُس کے وقار اور احترام کی علامت کے طور پر متعارف کرایا جائے۔

☆۔ نوجوانوں کے Youth Exchange programm بنائے جائیں تا کہ تفریح کے ساتھ ساتھ علم، خیالات اور تجربات کا تبادلہ بھی ہو سکے اور تجارتی روابط بھی بڑھائے جا سکیں۔

☆۔ جدید ذرائع ابلاغ نے دنیا کو سمیٹ کر ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ دیا ہے۔ عورت گلوبل کلچر کے اثرات کی زد پر ہے۔ یہ وقت اور بدلتی دنیا عورت سے اپنی پہچان کا تقاضا کر رہا ہے۔ بہت سے پُر پیچ راستوں میں سے اسے اپنی کامیابی کا راستہ تلاش کرنا ہے۔ ہمیں وقت کی اس تیز رو میں باشعور، خود آگاہ اور مثبت کردار کا علمبردار بننا ہے۔ ہمیں دہشت گردی، جہالت اور پس ماندگی کے اندھیروں سے اپنی نسلوں کو نکال کر روشن راہوں پر گامزن کرنا ہوگا۔ آیئے عزم کریں کہ عورت جو بدل جائے تو سنور جائے زمانہ!

# ایوارڈ برائے حُسنِ کارکردگی
# خواتین کانفرنس۔اجتماع عام
**22 نومبر 2014ء مینارِ پاکستان لاہور**

۱۔ آپا جی حمیدہ بیگم صاحبہ
۲۔ آپا جی بنت الاسلام صاحبہ
۳۔ آپا نثار فاطمہ صاحبہ
۴۔ آپا ناصرہ الیاس صاحبہ
۵۔ آپا شکورہ آفتاب
۶۔ ڈاکٹر میرافیلبوس
۷۔ بیرونس سعیدہ وارثی

**جماعتِ اسلامی ایکسیلنس ایوارڈ:**

**۱۔ آپا جی حمیدہ بیگم صاحبہ:۔**

حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی پاکستان کی پہلی خاتون رکن پہلی سربراہ، گوجرانوالہ میں راجپوت خاندان کے دیندار گھرانے میں جنم لیا۔ گرلز ہائی سکول کی ہیڈ مسٹریس تھیں جب جماعتِ اسلامی کے پیغام سے متعارف ہوئیں اور پھر ملازمت سے استعفیٰ دے کر اس سے منسلک ہوگئیں۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو دین کا پیغام پھیلانے کے لیے وقف کر دیا۔ آج جو قافلہ یہاں حدنگاہ تک پھیلا ہوا نظر آرہا ہے اس کی بنیاد کی اینٹیں اکھٹی کرنے اور جوڑنے والی حمیدہ بیگم تھیں۔ ابتدائی چند ارکان کے ساتھ مل کر مولانا مودودی کی رہنمائی میں حلقہ خواتین میں درس وتبلیغ کا کام جاری ہی ہے وہ ان کی ابتدائی کوششوں کا مرہونِ منت ہے۔ عورتوں اور بچوں کے لیے آسان زبان اور کم قیمت میں اصلاحی لٹریچر کی اشاعت کے لیے انہوں نے ادارہ بتول ٹرسٹ کی بنیاد رکھی جس کے تحت ۱۹۵۴ میں ماہنامہ عفت اور پھر ماہنامہ بتول کا اجراء کیا۔ ماہنامہ بتول کی ۱۹ سال تک ادارت کی اور اس کی پہلی مدیرہ رہیں۔ بچوں کے لیے ماہنامہ نور کا اجرا کیا۔ یہ دونوں رسالے ان کا صدقہ جاریہ ہیں اور بغیر کسی تعطل کے آج تک شائع ہو رہے ہیں۔

مضامین اور افسانوں کی کئی کتب تصنیف و تخلیق کیں۔ ان کے دعوتی مضامین اور راہ ومنزل کے عنوان سے لکھے گئے ماہنامہ بتول کے اداریے آج بھی مشعلِ راہ ہیں۔

حمیدہ بیگم نے اپنی زندگی کے آخری تیرہ سال شدید علالت کے باوجود اپنی ذمہ داریاں پوری فرض شناسی کے ساتھ ادا کیں اور ۱۴ ستمبر ۱۹۷۳ کو خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ اللہ ان کی قبر کو منور کرے۔ آمین۔ جماعتِ اسلامی کا حلقہ خواتین منظم کرنے میں ان کی ان تھک جدوجہد اور اشاعت دین میں ان کی اگرانقدر خدمات کے اعتراف کے طور پر یہ ایوارڈ ان کی نذر کیا جارہا ہے۔ حمیدہ بیگم کا ایوارڈ وصول کرنے کے لیے ہمارے درمیان موجود ہیں عظمیٰ رانا صفدر جو رشتے میں ان کی بہو ہیں۔

**۲۔ آپا بنت الاسلام صاحبہ:۔**

مولوی ظفر اقبال کی صاحبزادی ۲۰ جون ۱۹۲۰ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئیں۔ ابتدائی تعلیم سیکرڈ ہارٹ سکول سے پانے کے بعد عربی اور اسلامک سٹڈیز میں ڈبل ایل ایم اے کیا۔ لاہور کالج برائے خواتین میں شعبہ اسلامک سٹڈیز کی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے کئی برس تک خدمات انجام دیں۔ آپ اعلیٰ پائے کی عالمہ دین اور مربی شخصیت تھیں۔ تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ طالبات کی تربیت اور کردار سازی پر خصوصی توجہ دیتیں۔ ان کی طالبات کے علاوہ بیشمار شخصیات نے ان کی صالح صحبت سے فیض حاصل کیا اور رہنمائی پائی۔ بہترین قلم کار اور ادیبہ تھیں۔ احادیث کا مجموعہ اسوہ حسنہ کے نام سے ترتیب دیا جس کو صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ دین میں زندگی گزارنے کے سنہری اصولوں پر مبنی ۱۴ کتابوں کا سلسلہ زندگی بے بندگی شرمندگی کے نام سے تصنیف کیا۔ ۲ مقبول ناول ''سہارا'' اور ''ذرا نم ہو تو نہ مٹی'' اور بے شمار افسانے تخلیق کیے۔ بچوں کے لیے ۲۵ کتب لکھیں جن میں منظوم کہانیاں بھی شامل ہیں۔ ان کی زندگی بخش تحریروں پر مبنی مجموعوں کی ڈیمانڈ آج بھی کم نہیں ہوئی۔ عربی زبان کی تدریس کا حلقہ قائم کیا جس سے بے شمار خواتین نے فیض پایا۔ حریم ادب کے نام سے جاری خواتین کے حلقہ ادب کی روحِ رواں رہیں۔ ادارہ بتول ٹرسٹ کی فاؤنڈنگ ممبرز میں سے تھیں۔ پندرہ برس تک ماہنامہ بتول کی مدیرہ رہیں۔ آپ ۹ جون ۱۹۸۹ کو دارِفانی سے رخصت ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے آمین۔

ان کی تعلیمی، دینی اور ادبی خدمات کے اعتراف میں یہ ایوارڈ فار ایکسیلنس ان کی نذر کیا جارہا ہے۔ ان کا ایوارڈ وصول کرنے کے لیے ہم نے آج یہاں ان کی ہمشیرہ ڈاکٹر سعدیٰ مقصود کو زحمت دی ہے اور ان کی تشریف آوری کے لیے بے حد ممنون ہیں۔

**۳۔ آپا نثار فاطمہ صاحبہ:۔**

پاکستان کی نامور ممبر پارلیمنٹ، آپ حق گو اور جرأت مند شخصیت کی مالک تھیں۔ انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی بانی ارکان میں سے تھیں۔ آپ

بہترین مقررہ، سچی عاشق رسول اور محب وطن پاکستانی تھیں۔ان کی دینی وسماجی خدمات اور پاکستان کی پارلیمانی تاریخ میں ان کے بھرپور اور مؤثر کردار کے اعتراف کے طور پر انہیں جماعت اسلامی ایکسیلنس ایوارڈ پیش کیا جارہا ہے۔یہ ایوارڈ وصول کرنے کے لیے موجود ہیں ان کی صاحبزادی محترمہ فاطمہ طاہر۔

### ۴۔ ناصرہ الیاس صاحبہ:۔

محترمہ ناصرہ الیاس صاحبہ کے لیے جو الخدمت ٹرسٹ کی بانی ہیں۔ ۱۹۸۰ میں انہوں نے الخدمت ٹرسٹ کی بنیاد رکھی۔ یہ خواتین کی فلاح و بہبود کا بے حد وسیع اور ملک گیر نیٹ ورک ہے۔جس کے تحت عورتوں اور بچوں کے لیے فلاحی مراکز قائم ہیں۔تعلیمی ادارے چل رہے ہیں، مستحق بچیوں کی شادیوں میں معاونت کی جاتی ہے، بیماروں کا علاج کیا جاتا ہے، دوردراز علاقوں میں پانی فراہم کیا جاتا ہے، کنویں کھدوائے جاتے ہیں، عورتوں کو باعزت روزگار کے لیے مختلف مہارتیں سکھائی جاتی ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ملک میں ہونے والی ناگہانی آفات وحادثات میں سب سے پہلے پہنچنے والی اور سب سے آخر تک رہنے والی ہماری الخدمت نیٹ ورک کی بہنیں ہوتی ہیں۔Relief, Rescueاور Rehabilitateion کا مکمل کام ان کے زیر نگرانی ہوتا ہے۔اب الخدمت ٹرسٹ ملک گیر الخدمت فاؤنڈیشن کا حصہ بن چکا ہے۔مگر ۱۹۸۰ میں اس عظیم کام کی بنیاد رکھنے والی اس کو منظم کرنے والی، اس کو وسعت دینے والی محترمہ ناصرہ الیاس ہیں۔ہم آج ان کے اس بے مثال کارنامے پر جماعت اسلامی ایکسیلنس ایوارڈ ان کی نذر کرتے ہیں۔

### ۵۔ آپا شکورہ آفتاب:۔

آپ جماعتِ اسلامی کے ابتدائی رکن چوہدری نذیر احمد کی صاحبزادی ہیں، آپ نے ایم اے عربی کیا ہے اور اپنی تعلیمی زندگی میں مولانا مودودی کی دعوت سے متاثر ہوئیں۔آپ نے نوجوان لڑکیوں میں دین کا پیغام پھیلانے کی منظم جدوجہد کا آغاز کیا اور ۲۱ ستمبر ۱۹۶۰ کو اسلامی جمعیت طالبات کی بنیاد رکھی۔آنے والے وقتوں میں یہ تنظیم نوجوان بچیوں کی اصلاح وتربیت اور تعلیمی اداروں میں دعوتِ دین پھیلانے کا ایک مضبوط حوالہ ثابت ہوئی۔تعلیمی اداروں پر غیر اسلامی فکر ونظریات کی یلغار کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور نوجوان لڑکیوں کو اپنی دینی شناخت برقرار رکھنے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔اسلامی جمعیت طالبات نے ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں صحت مند رجحانات کو فروغ دیا۔ آج یہ تنظیم پاکستان بھر میں موجود ہے اور دین کا پیغام چلا رہی ہے۔ہم طالبات کے لیے اس مؤثر تنظیم سازی پر محترمہ شکورہ آفتاب کو جماعتِ اسلامی ایکسیلنس ایوارڈ پیش کرتے ہیں۔

**6. Prof. dr. Mira Phailbus,**

Ombudsperson (Mohtasib) Punjab,
Protection against Harasment of women , Act 2010
Sitara - e- Imtiaz National Civil Award
Principal, Professor Emeritus,
Kinnaird college for Women, Lahore,
Former Minister of Education and Minorities Affairs,
Caretaker Goverment, Punjab 2007

Mira Phalibus hase made a wide - ranging contribution to women's development and education in pakistan. she is inspired by the beleif that women equipped with higher education contribute to the well-being of society as dignified , intelligent, competent and creative individuals. Over the years her work has had a wide infliuence in Pakistan and internationally. The recognition, she has received include the following.

1. Honorary doctorate of Law, Davdson College, USA (1982)
2. Paims Academies for Services to French Culture (2002)
3. Former Member Punjab University syndicate
4. Former Member of the National Commission on the status of Women.
5. Fromer Member, Federal Education Advisory Board.

**7. Sayeeda Hussain Warsi:.**

Is a British Pakistani Lawyer , Politician and a conservative parliamentarian , who co - chaired the Conservative party. She served in the David Cameron's Cabinet. First as the Minister without portfolio between 2010 till 2012, than as the senior Minister of state for Foreign and Commonwealth Office and as the Minister of state for faith Communities, until her ( resignation citing her disagreement with goverment's policy over the Gaza conflict in August 2014). Warsi grew up in a family of Pakistani immigrants living in west yorkshire.

بین الاقوامی خواتین کانفرنس

# بدلتی دنیا میں عورت کا کردار

سامیہ احسن

۲۲ نومبر ۲۰۱۴ء کو جماعت اسلامی کے زیر اہتمام خواتین کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ یہ کانفرنس ان کے اجتماع عام کا ایک اہم حصہ تھی۔ کانفرنس کا موضوع ''بدلتی دنیا میں عورت کا کردار'' تھا۔ بعداز نماز ظہر پروگرام کا آغاز ہوا۔ مینار پاکستان کے سائے تلے ہزاروں خواتین کا منظم مجمع دیکھنے والوں پر ایک عجب کفیت طاری کر رہا تھا۔ چہروں پر حالات کی سنگینی کا احساس، آنکھوں میں عزم وحوصلے کی چمک لیے، کندھے سے کندھا ملائے، مضبوطی سے قدم جمائے، اس وسیع میدان میں موجود خواتین پاکستان کی اس اکثریت کی نمائندگی کر رہی تھی جو مغربی تہذیب وتمدن کی بجائے اسلام کی روشنی میں مسائل کا حل ڈھونڈنا اور اپنے لئے لائحہ عمل مرتب کرنا چاہتی ہے۔

پروگرام کی میزبانی کے فرائض محترمہ اسماء ضیا کے سپرد تھے۔ انہوں نے اپنے نپے تلے الفاظ اور برجستہ شعروں کے ساتھ بڑی خوبی سے اس ذمہ داری کو نبھایا۔ پروگرام کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا۔ قاریہ سمیعہ حنان نے جو کہ قرأت کے مقابلوں میں ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بے شمار انعامات حاصل کر چکی ہیں، اپنی پُرتاثیر آواز میں تلاوت کی۔ حنا نصر اللہ نے اپنی بے حد خوبصورت لحن میں نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سنائی۔ حنا بھی نعت خوانی کے مقابلوں میں انعام یافتہ ہیں اور نعت اور کلام اقبال کے حوالے سے ملک گیر شہرت رکھتی ہیں۔

تقریب سے افتتاحی کلمات ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے کانفرنس کے مقاصد، ضرورت اور تیاریوں سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے بڑے دلچسپ انداز میں بتایا کہ ہم نے بہت تیاری کی ہوئی تھی لیکن خواتین نے اتنی بڑی تعداد میں آکر ہمارے سب انتظام درہم برہم کر دیئے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ درہم برہم انتظام بھی دوسروں کے جلسوں کے اعلیٰ انتظام سے بہت بہتر تھے۔

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کے بعد محترمہ عائشہ سید نے جو کہ حالیہ پارلیمان میں MNA ہیں۔ جماعت اسلامی کی خواتین کے پارلیمانی کردار پر روشنی ڈالی۔ اس کانفرنس کی ایک بات دوسرے ملک سے آئی ہوئی خواتین کے وفود کی شرکت تھی۔ ان میں اردن سے ہیام ابوالعدس، غزہ سے عفت الجعبری، آزاد کشمیر سے شمیم حنیف، انگلینڈ سے یو۔کے اسلامک مشن کی رابعہ صادق کے علاوہ جرمنی، سعودی عرب اور مسقط اور افغانستان سے بھی خواتین شامل تھیں۔ طالبات کی نمائندگی سمیہ نواز کر رہی تھیں جو اسلامی جمعیت طالبات کی ناظمہ اعلیٰ ہیں۔ انھوں نے مختصر مگر جامع تقریر کی۔ محترمہ شمیم حنیف نے جو کہ جماعت اسلامی آزاد کشمیر کی قیمہ ہیں، ''کشمیری خواتین کی فریاد'' کے عنوان سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کشمیر میں مسلمان عورتوں پر بھارتی افواج کے ظلم وستم کے چشم کشا اعدادوشمار بیان کیے۔ اگرچہ ذرائع ابلاغ پر یہ خبریں نشر ہوتی رہتی ہیں مگر ایک کشمیری

خاتون کی زبانی یہ تفصیلات جان کر اپنی مسلمان بہنوں کی تکالیف، مسلم امہ کی بے ضمیری اور اپنی بے بسی کے خیال سے دل گویا نئے سرے سے کڑھنے لگا۔ جامعہ المحصنات کی طالبات نے ایسے میں ایک ملی ترانہ سنا کر ماحول میں گرم جوشی پیدا کردی۔ اس کے بعد مدیرۂ بتول محترمہ صائمہ اسماء نے ''عورت کی منزل، اسلام یا فیمنزم'' کے موضوع پر خیالات کا اظہار کیا اور بڑے مدلل انداز میں اسلام کی روشن راہوں اور تانیثیت (فیمنزم) کے تاریک راستوں کے مابین فرق واضح کیا۔ صائمہ اسماء کے بعد غزہ سے آنے والی مہمان خاتون محترم عفت الجعبری نے ''جنگ زدہ علاقوں کی متاثرہ عورت'' کی تکلیف دہ صورت حال بیان کی۔ اگرچہ وہ عربی زبان میں بول رہی تھی لیکن ان کا خطیبانہ انداز، جذبے سے بھرپور جوشیلی آواز اور لہجے کا درد ان کے جذبات کو براہ راست ہمارے دلوں کو منتقل کر رہا تھا اور علامہ اقبال کا مصرعہ بار بار ذہن میں گونج رہا تھا کہ:

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے

اس کے لئے الفاظ کی مکمل تفہیم کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔ جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر رخسانہ جبین نے جماعت اسلامی کی خواتین کی کارکردگی اور رفاہی کاموں کے حوالے سے گفتگو کی۔ یہ ان کے منصب کا آخری دن تھا۔ اس کے بعد نو منتخب سیکرٹری جنرل محترمہ دردانہ صدیقی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ اسی دوران امیر جماعت اسلامی سراج الحق صاحب جلسہ گاہ میں تشریف لے آئے۔ انہوں نے دوران خطاب معاشرے میں موجود خواتین کے مثبت کردار اور ان کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیا۔ خواتین کے حوالے سے انھوں نے اپنی جماعت کے سیاسی ایجنڈے کی وضاحت کی۔ ان کی تقریر بہت حوصلہ بخش اور امید افزا تھی۔

آخر میں ان خواتین کے لئے ایوارڈز کا اعلان کیا جن کی زندگیاں خواتین کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ پہلا ایوارڈ حمیدہ بیگم کے لئے تھا جو جماعت اسلامی پاکستان کی پہلی قیمہ تھیں اور جن کی خدمت دین کی لگن میں دیوانہ وار کاوشوں کے قصے اپنی امی سعیدہ احسن کی زبان سے اتنی دفعہ سنے تھے کہ اب ان کا نام سنتے ہی ''وقت کم ہے اور مقابلہ سخت'' کا تصور ذہن میں آجاتا ہے۔ ان کے علاوہ ایوارڈ پانے والی خواتین میں محترمہ شکورہ آفتاب تھیں۔ جنہوں نے اسلامی جمعیت طالبات کا آغاز کیا اور مثلِ آفتاب زندگی گزاری۔ محترمہ ناصرہ الیاس جنہوں نے الخدمت کی بنیاد رکھی، محترمہ سعیدہ وارثی جنہوں نے غزہ کے معاملے میں برطانوی حکومت کے مناسب رویہ اختیار نہ کرنے پر پارلیمنٹ سے احتجاجاً استعفٰی دے کر ثابت کردیا کہ مسلمان کے لئے ذاتی مفاد کے بجائے ملی مفاد مقدم ہوتا ہے اور وہ انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی سوچ کا حامل ہوتا ہے۔

محترمہ بنت الاسلام جنہوں نے تحریر کے ذریعے جہاد کا راستہ اپنایا اور جن کی دینی موضوعات تحریریں خصوصاً اسوۂ حسنہ، زندگی بے بندگی شرمندگی اور سلسلہ اخلاقیات کی کتب رشد و ہدایت اور تفہیم دین کے لئے گراں قدر سرمایہ ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں اور بڑوں کے لئے بہت سی دلچسپ اور بامقصد کتب کا ذخیرہ بھی ان کے قلم نے فراہم کیا۔ محترمہ نثار فاطمہ جو ایک متحرک پارلیمنٹیرین، بے حد محبِ وطن اور سچی عاشق رسول تھیں، جنہوں

نے پارلیمنٹ میں خواتین کی بھرپور اور دبنگ انداز میں نمائندگی کی اور جن کے سامنے غیروں کا چراغ کبھی نہ جل سکا۔ اگرچہ ان خواتین کا ہر عمل اپنے خدا کی خوشنودی کے لئے تھا اور وہ اسی سے صلے کے لئے طلب گار تھیں۔ کسی دنیاوی ایوارڈ کیلئے نہ ان کی تمنا تھی اور نہ ضرورت لیکن جماعت کی طرف سے ان کی خدمات کا اعتراف قابلِ تحسین بھی ہے اور اس میدان میں آنے والوں کو اپنے پیش روؤں سے متعارف کروا کے اوران کے دلوں میں ان کی پیروی کی خواہش پیدا کرنے کا سبب بھی۔

ان خواتین کے علاوہ ایک ایوارڈ کنیئرڈ کالج کی سابقہ پرنسپل اور حالیہ خاتون محتسب مسز میرا فیلبوس کے لئے بھی تھا جنھوں نے پاکستان میں خواتین کے لئے تعلیمی شعبے میں اہم خدمات انجام دی۔

کانفرنس کا اختتام تقریباً سوا چار بجے ہوا۔ اسی دوران خواتین ہی نہیں بلکہ ان کے ساتھ آئے ہوئے چھوٹے چھوٹے بچوں میں بھی بے حد نظم وضبط دیکھنے میں آیا۔ جب کسی بھی بھگدڑ کے بغیر ہم ایک بڑے ہجوم کے ہمراہ جلسہ گاہ سے باہر نکل کر سڑک پر پہنچے تو ایک دفعہ پھر بے اختیار دل نے انتظامات کی عمدگی کو سراہا۔

اس شاندار اور کامیاب کانفرنس کو الیکٹرانک میڈیا نے مکمل طور پر نظر انداز کر کے اس کے وجود کو عدم ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ بظاہر ان کے نمائندے وہاں موجود تھے اور کانفرنس کو کور بھی کر رہے تھے۔ لیکن ٹی وی پر اجتماع عام کی ایک سرسری سی خبر ہی چلائی گئی اور خواتین کانفرنس کا ذکر تو ایسے گول کر گئے کہ جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ یہ ان کے اپنے دلوں کا کینہ تھا یا استعماری طاقتوں کا خوف کہ کہیں وہ اتنی بڑی تعداد میں اسلامی پاکستان کیلئے پُر جوش باحجاب خواتین کو دیکھ کر ہمارے میڈیا کو نا اہل قرار نہ دے دیں جو اتنی کاوش کے باوجود ان عورتوں کو ''راہ ہدایت'' پر لانے اور ان ''پابندیوں'' سے جان چھڑانے پر آمادہ نہ کر سکا۔ جماعت اسلامی کے لوگ سوشل میڈیا پر تو بہت متحرک ہیں۔ یہ اچھی بات ہے، اور الیکٹرونک میڈیا کے بجائے اب سوشل میڈیا پر توجہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ بڑھتے ہوئے طوفان کو نئی نسل کے دلوں میں منتقل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ان تک اپنا پیغام پہنچایا جائے اور اس کے لئے ایسے ذرائع اختیار کیے جائیں جن سے کم سے کم وقت میں فائدہ اٹھایا جا سکے۔ امید ہے کہ اللہ کی مدد سے انھیں اپنے مقاصد میں کامیابی ہوگی، اور وہ اسی استقامت اور تنظیم کے ساتھ راہ حق کی مسافرت طے کرتے رہیں گے۔

# عورت کی منزل، اسلام یا فیمینزم

صائمہ اسماء

بین الاقوامی خواتین کانفرنس
22 نومبر 2014

صدرِ مجلس محترمہ ڈاکٹر رخسانہ جبین صاحبہ، معزز مہمانانِ گرامی اور محترم خواتین، السلام علیکم
اپنے گھمبیر موضوع پر بات کرنے سے پہلے ایک چھوٹا سا لطیفہ آپ سے شیئر کرنا چاہوں گی:
ایک شخص نے پادری سے پوچھا ''خدا نے عورتوں کو اتنا خوبصورت کیوں بنایا؟'' پادری نے کہا اس لیے کہ تم ان سے محبت کرو،اس نے پھر پوچھا اور خدا نے ان کو اتنا بے وقوف کیوں بنایا؟ پادری نے جواب دیا' تا کہ وہ تم سے محبت کریں'۔
تفنن برطرف، شاعرِ مشرق علامہ اقبال رحمت اللہ علیہ نے فرمایا تھا۔

ہزار بار حکیموں نے اس کو سلجھایا مگر یہ مسئلہ زن رہا وہیں کا وہیں

اور حقیقت بھی یہی ہے کہ عورت کی حیثیت اور اس کے کردار کا مسئلہ ابتدائے آفرینش ہی سے انسانی معاشروں میں بحث طلب رہا ہے۔ جن معاشروں نے وحی الٰہی سے فیض حاصل کیا، خدائی ہدایت کو اپنی معاشرت کی بنیاد بنایا، انہوں نے باقی تمام معاملات کی طرح اپنی معاشرت کو بھی سنوارا اور جنہوں نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنالیا وہ بالآخر اس طرح برباد ہو کر رہے کہ ان کا نام ونشان بھی آج باقی نہیں۔ کتاب الٰہی ان قوموں کے ذکر سے بھری پڑی ہے۔ اس کے مقابل کلام الٰہی صراطاً سویاً پیش کرتا ہے، افراط وتفریط سے پاک، درمیان کا ہموار راستہ، اعتدال کی راہ کہ اپنی عقل پر بھروسہ کرنے والے انسان جس تک صدیوں کی خواری اور تلخ تجربات کے بعد پہنچتے ہیں۔ آج کے دور میں اہلِ مغرب کی بے خدا دانش نے زندگی کے کتنے ہی سہنرے اصول اسی راستے سے اور اتنی ہی ذلت وخواری کے بعد حاصل کیے اور ترقی کے راستوں میں ہم سے کہیں آگے جا پہنچے۔ آج وہ اسی عقل بے سمت کے ساتھ دنیا کی رہنمائی کے منصب پر فائز ہیں۔ مگر بہت سے معاملات جن میں وہ اآج بھی دھکے کھا رہے ہیں اور ابھی تک خوشی اور حقیقی فلاح کو ترس رہے ہیں ان میں ایک برا معاملہ عورت کی حیثیت اور اس کے کردار کا ہے۔
غلاموں سے بدتر زندگی گزارتی ہوئی۔ جسے مردوں کے برابر انسان تک تسلیم نہ کیا جاتا تھا۔۔۔نہ برابر شہری مانا جاتا تھا۔۔نہ رائے دینے کا حق تھا نہ ملکیت رکھنے کا۔۔شراب کے نشے میں دھت اپنے ہی مردوں کے ہاتھوں بیچی اور خریدی جاتی تھی۔۔سامعین کرام، یہ کوئی زمانہ جاہلیت کے عربوں کا حال نہیں، بلکہ بیسوی صدی کے آغاز تک مغربی دنیا میں عورت کی حالتِ زار ہے۔ پھر انیسویں صدی میں تحریک نسواں نے زور پکڑا اور بیسویں صدی کے آغاز میں یہ اپنے عروج پر پہنچی۔ پہلی قابلِ ذکر کامیابی اس تحریک کو تب حاصل ہوئی جب عورتوں کو مردوں کے برابر انسان اور شہری کی

حیثیت سے ووٹ کا حق ملا۔ حاضرین کرام! اسلام کی پہلی ریاست مدینہ نے عورت کو یہ حق ۶۲۰ عیسوی میں دیا تھا جب سرور کائنات نے ۔۔ لاکھوں درودوسلام ان پر۔۔ پہلے حکمران کی حیثیت میں بیعت لی تھی۔ جب کہ مغرب نے عورت کو ان تھک جدوجہد کے بعد یہ بنیادی انسانی حق بیسوی صدی کے آغاز میں دیا۔ برطانیہ اور جرمنی نے ۱۹۱۸ء میں، امریکہ نے ۱۹۱۹ء میں سپین نے ۱۹۳۱ء میں اور فرانس نے ۱۹۴۴ء میں۔ بقول شاعر

روشنی ہماری ہے　　راستہ ہمارا ہے
عکس پر نہ اتراؤ　　آئینہ ہمارا ہے
اپنی رہنمائی پر اب　　غرور مت کرنا
آپ سے بہت آگے　　نقشِ پا ہمارا ہے

مگر پھر یہ تحریک اسی بے سمتی کا شکار ہوئی، جو خدائی ہدایت کے بغیر عقل کے استعمال کا مقدر ہے۔ فیمینزم کی پہلی اور دوسری لہر اعتدال کے راستے کو پار کرتی ہوئی گمراہی کی ایک انتہا سے دوسری انتہا تک جا پہنچی۔ وہ امپاورمنٹ کے سراب کے پیچھے بھاگتی ہوئی صنعتی ترقی پر مبنی معاشی نظام کا ایک ادنیٰ کل پرزہ بن کر رہ گئی، اس نسوانیت کا حسن کہیں رستے میں کھو گیا، کیپٹلسٹ معیشت نے اس کے عورت پن کے ہر جزو کی قیمت لگائی، اس کو خاندان اور مامتا سے محروم کر کے بیچ چوراہے میں تنہا کر دیا، اس کے سر سے تحفظ کی ردا چھینی، خودمختاری کے نام پر اس کو اکیلا کیا، اپنا بوجھ خود اٹھانے اور اپنے فیصلے خود کرنے کا راستہ اسے یہاں تک لے آیا کہ اس کے پاس اپنی مامتا کو برقرار رکھنے کا انتخاب بچا ہی نہیں اور اس کے کردار کو خیر باد کہنا پڑا۔ اسی سانحے کو اقبال نے مرگِ امومت کا نام دیا ہے۔ گزشتہ صدی اس بات کی گواہ ہے کہ فیمینسٹ نظریہ عورت کو اس مقام تک لے آیا کہ آج وہ اپنی زندگی کی صلیب بھی خود اٹھائے پھرتی ہے اور اپنی جائز یا ناجائز اولاد کا بوجھ بھی خود ڈھوتی ہے۔ میری مسلم فیمینسٹ بہنوں کو اس بات پر شدید غم و غصہ ہے کہ قرآن شوہر کو گھر کا نگران قرار دے کر اسے نافرمانی کی آخری حد پہ بیوی پر ہاتھ اٹھانے کی اجازت کیسے دے سکتا ہے۔ آج اس آزاد اور امپلورڈ عورت کا حال یہ ہے کہ امریکہ کے اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹ کے مطابق ہر دوسری عورت یعنی ۵۰ فیصد امریکی عورتیں اپنے شوہر یا بوائے فرینڈ کے ہاتھوں پٹتی ہیں۔ مغرب میں اس بات کو تصور بھی نہیں کہ ایک بالغ عورت کا بوجھ اس کا باپ، بھائی، شوہر یا بیٹا بھی اٹھا سکتا ہے۔ اسلام نے عورت کو کفالت کو اس کے قریبی مردوں پر فرض قرار دیا تا کہ وہ نسلِ انسانی کی پرورش کا اہم کام کر سکے۔ آج جب جدید تعلیم ہمیں اجنبیوں سے اغراض کا سبق دیتی ہے تو ہم اعتماد سے اس اصول کو اپناتے ہیں کہ یہ ہمیں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ مگر ہم نے اپنی نوعمر بیٹی یا بہن کو حجاب اوڑھاتے ہوئے اسے یہ نہیں بتایا کہ یہ جبر یا پابندی نہیں بلکہ اس کی حفاظت اور قوت کا سبب ہے۔ ہمارا دین ہمیں محرم اور نامحرم کی تمیز ہمارے وقار اور ہمارے تحفظ کے لیے دیتا ہے، وہی وقار اور تحفظ جسے آج مغرب کی عورت ترس رہی ہے۔ آج میری ترک فیمینسٹ بہن کناں آرین کو اس بات پر بے حد

شرمندگی ہے کہ اسلام کم عمری کی شادی کو غلط قرار نہیں دیتا، بلکہ ہمارے نبی۔۔ لاکھوں درود و سلام ان پر۔۔ خود ایک کم عمر لڑکی کو بیاہ کر لائے تھے جنہیں ہماری ماں عائشہؓ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ نجانے وہ آزاد اور امپاورڈ مغرب کے بارے میں کیا کہیں گی جہاں ٹین ایج پریگننسیز کی شرح کنٹرول ہونے میں نہیں آ رہی۔ انتہائی کم عمر، گیارہ اور بارہ سال کی بن بیاہی ماؤں کے خوفناک اعداد و شمار یہ وہ بچیاں ہیں جنہیں اپنے مجرم بھی نہیں پتہ ہوتے کجا یہ کہ کوئی ان کی اور ان کے بچے کی ذمہ داری اٹھانے والا ہو۔ کوئی ان کے زخم پر مرہم رکھنے والا ہو۔ کاش کوئی ان کی حفاظت کرتا۔ انہیں محرم نامحرم کی تمیز دیتا۔ انہیں اپنے پرکشش جسم کو ڈھانپنے کا سلیقہ اور تہذیب عطا کرتا۔

محترم خواتین! یہ ۱۹۲۰ نہیں ۲۰۱۴ ہے۔ عورت کے معاملے میں انسانیت ٹھوکریں کھاتی ہوئی خود اس آبِ حیات کی طرف پلٹنے کے اشارے دے رہی ہے جس کا پتہ اس کے خالق نے اسے دیا ہے۔ کئی نسلوں کے تلخ تجربات نے، اور میڈیکل سائنس کی ترقی نے، بہت سے حقائق ہمارے سامنے کھول دیے ہیں۔ فیمینزم کی تیسری لہر اور اس کے بعد رجحانات اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ عورت کو سمجھنا ہے تو خود عورتوں کے اندر مختلف نقطہ ہائے نظر کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ جدید فیمینسٹ تھیوری نے عورت کی Sexual objectification پر بھی سوالات اٹھائے ہیں۔ یہ لمحہ اطمینان کا بھی ہے اور فکر کا بھی۔ اطمینان کا اس لیے کہ اب مسلمان عورت کو اس کے دین کی وجہ سے مجرم بنا دینا اتنا آسان نہ ہوگا۔ یہی ہے کہ مسلمان خواتین اپنے حق حجاب کو دنیا بھر میں منوا رہی ہیں اور فکر اس بات کا کہ کیا ہم ان بدلتے ہوئے حالات میں اپنی ذمہ داری کو سمجھتے ہیں؟ اسے ادا کرنے کو تیار ہیں؟ ۔۔۔ جو اس ابدی پیغام کے امین بنائے گئے ہیں۔۔۔ ہم تو اپنے دامن میں سورج چھپا کر اندھیروں میں بھٹکنے کے مجرم ہیں۔۔۔ آبِ حیات ہاتھوں میں لیے خود پیاسے پھر رہے ہیں۔ بقول شاعر:

ہماری بے جہتی کا کوئی جواز نہیں　　　یہ دکھ تو ان کا ہے جن کی کوئی کتاب نہ ہو

ہمارا المیہ اپنے اپنے معاشروں میں عورتوں کو اسلام کے دیے ہوئے مقام سے محروم رکھنا ہے۔ ہمارا المیہ روایت کو اسلام کا لبادہ پہنانا ہے اور اپنے فرسودہ رویوں کی اصلاح نہ کرنا ہے۔ ہمارا المیہ عورتوں کو عزتِ نفس دینے سے گریز کرنا ہے اور سامعین محترم:

ہمارا المیہ اس ضابطِ حیات کی تشکیل جدید سے اعراض کرنا ہے، وہی ری کنسٹرکشن جس کے بارے میں حکیم الامت نے کہا تھا کہ

کر سکتی ہے بے معرکہ جینے کی تلافی　　　اے پیرِ حرم تیری مناجاتِ سحر کیا

بدلتی ہوئی دنیا نے ہمیں بہترین موقع فراہم کیا ہے کہ ہم اسلام کے دیے ہوئے اصولوں کے مطابق عورت کے لیے اپنے معاشرے کو جنت بنا کر دکھائیں۔ نئے حالات کے تقاضوں کو سمجھیں اور دنیا کو دکھائیں کہ عورت کی حقیقی فلاح کا راستہ جب منزل میں ڈھلتا ہے تو انسانیت کیسے عروج حاصل کرتی ہے۔

# سمیحہ راحیل قاضی کی جماعت اسلامی!

روز نامہ نئی بات: 25 نومبر 2014ء

فرخ سہیل گوئندی

چند ماہ قبل جب سراج الحق صاحب امیر جماعت اسلامی پر منتخب ہوئے تو ہم نے جماعت اسلامی پر مسلسل چار کالم انہی صفحات پر لکھے، جن میں جماعت اسلامی پاکستان کا تجزیہ کیا گیا تھا۔ دلچسپ بات یہ تھی کہ ان کالموں میں جماعت اسلامی کی اعلیٰ قیادت نے نہ صرف دلچسپی کا اظہار کیا بلکہ بڑی فراخ دلی سے راقم کے تجزیے کو پڑھنے کے بعد رابطہ کیا ہمارے صحافتی احباب جو کبھی جماعت اسلامی کے باقاعدہ سیاسی ورکر ہوتے تھے ان پر تو ان تجزیوں کا بار ہوا لیکن جماعت کے اعلیٰ ترین عہدداروں نے یہ بھی خواہش کی کہ آپ اس بارے میں مزید لکھیں، ہم آپ کے تجزیے اور رائے کو جاننے کے خواہش مند ہیں۔ ان کی فرمائش پر وہ الفاظ اور جملے بھی انہی بھیجے گئے جو شائع نہ ہو سکے تھے۔ میرے نزدیک یہ ایک اہم تبدیلی ہے جو جماعت اسلامی کی قیادت میں جنم لے رہی ہے، لیکن پرانی قیادت جو ابھی تک جو اسلامی کے پرانے رجحانات کی وارث ہے، اس حوالے سے کبھی انہوں نے کوئی خاص گرم جوشی نہیں دکھائی۔ میرے لیے یہ بھی ایک حیرت انگیز خوش خبری تھی کہ جماعت اسلامی کے سابق امیر جناب قاضی حسین احمد مرحوم کی صاحبزادی ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے اپنے ایک حالیہ طویل انٹرویو میں مجھے اپنے پسندیدہ کالم نگاروں میں شمار کیا اور یہ فرمایا ہے کہ میں راقم کی تحریریں بڑے شوق سے پڑھتی ہوں وہ فون پر گا ہے بگا ہے میرے پاکستان ٹیلی وژن میں کیے گئے انٹرویو پر تعریفی الفاظ کہتیں تو میں اپنی بہن ڈاکٹر سمیحہ راحیل کی طرف سے حوصلہ افزائی پر جہاں ممنون ہوتا وہاں میرے لیے یہ اچنبھے کی بات تھی کہ جماعت اسلامی کے امیر کے گھر جنم لینے والی ایک بچی میرے جیسے ترقی پسند نظریات رکھنے والے شخص کی تحریروں کو کیوں کر پڑھتی اور حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ ایک ہفتہ قبل وہ اسلام آباد میں صدر الدین ہاشوانی صاحب کی کتاب ''سچ کا سفر'' کی تقریب رونمائی میں میرے ہمراہ بیٹھی تھیں۔ موقع سے فائدہ اٹھا کر میں نے ان کی گفتگو سے ان کی شخصیت کے اندر رچے تصورات کو جاننا چاہا تو میرے پر یہ راز کھلا کہ دنیا بھر کے سفروں کے سبب مشاہدات نے ان کے سوچنے کے انداز کو وسعت دی ہے۔ وہ میرے اور میری بیوی ریما عبداللہ جو کہ بیروت کی جدید طرز زندگی میں جنم لینے والی خاتون ہیں، انہیں کسی کفرانہ نظروں سے دیکھنے کی بجائے اپنائیت اور محبت بھرے انداز میں ایک بہن کی حثیت سے گفتگو کرتی رہیں۔ مجھے اس بات کا تجربہ ہے کہ اگر وہ سمیحہ راحیل قاضی نہ ہوتی اور ان کی جگہ پاکستان کے کسی مدرسے کی اعلیٰ ترین تعلیم حاصل کردہ کوئی خاتون ہمارے قریب بیٹھی گفتگو کرتیں تو ان کی نظروں میں دوسرے کو کافرانہ عینک سے دیکھنے اور الفاظ میں مسترد (Reject) کرنے کا انداز ہوتا جس کا مجھے کئی بار واسطہ پڑا ہے۔

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی ایک راسخ العقیدہ مسلمان اور نظریاتی سیاسی شخصیت ہیں، ان کو اپنے مذہبی عقائد اور سیاسی نظریات پر مکمل اعتماد ہے۔ لیکن اہم

بات یہ ہے کہ ان کا رویہ، انداز گفتگو اور دوسروں کو کفر کے پیمانوں میں ڈالنے کا مزاج نہیں جو کہ ہمارے ہاں بہت شدت کے ساتھ زور پکڑ رہا ہے۔ وہ جماعت اسلامی کی فکر، نظریات اور اس کی سیاسی تاریخ پر نازاں ہیں لیکن اہم ترین بات یہ ہے کہ ان کا عالمی مشاہدہ اور ان کی شخصیت کو اہم نکھار دے گیا ہے۔ وہ لوگوں کو کفر اور غداری کے پیمانوں میں نہیں تولتیں۔ وہ اپنے نظریات پر پابند ہیں اور دوسروں کا احترام کرنا جانتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ میں نے ترکوں سے سیکھا۔ یہ ایک اہم بات ہے، ترک اپنی عام زندگی کے رویوں میں لوگوں کو مذہبی عقائد اور روشن خیال سیاسی نظریات پر مسترد نہیں کرتے۔ یہ وہ سبق ہے جو انھوں نے پچھلی نو دہائیوں میں سیکھا۔ سفر انسانوں کے ذہنوں پر چڑھے غلافوں کو اتار پھنکتا ہے یہی کچھ میں نے اپنی بہن سمیحہ راحیل قاضیٰ میں دیکھا۔ میں اپنے نظریات کی بنیاد پر دوسروں کو (Reject) کرنے پر یقین نہیں رکھتا۔ دوسروں کو مسترد کرنے اور پھر جان سے مار دینے کا یہی وہ رویہ ہے جو ہمارے ہاں اور مشرق وسطیٰ میں سماج کو تار تار کر رہا ہے۔

# ’’بدلتی دنیا میں عورت کا کردار‘‘ کے موضوع پر منعقدہ
# بین الاقوامی خواتین کانفرنس کے موقع پر
# خاتونِ اوّل بیگم محمودہ ممنون حسین صاحبہ کا پیغام
## 22 نومبر 2014ء

میں، صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعتِ اسلامی پاکستان ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، کمیشن کے تمام ذمہ داران اور منتظمین کو اس اہم کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ ’’بدلتی دنیا میں عورت کا کردار‘‘ جیسے اہم موضوع پر منعقدہ یہ بین الاقوامی خواتین کانفرنس نہ صرف موجودہ دور میں خواتین کے اہم کردار کی اہمیت کو اُجاگر کرنے میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی بلکہ ترقی کے اس دور میں خواتین کو درپیش مسائل، تغیر پذیر اخلاقی وسماجی اقدار اور اس سے وابستہ دیگر مسائل کو اُجاگر کرنے اور ان کا حل تلاش کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔

پاکستانی خواتین نے ہمیشہ اجتماعی زندگی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور معاشی اور اور معاشرتی سرگرمیوں میں مثالی کردار ادا کیا ہے۔ تحریکِ پاکستان میں خواتین کا اہم کردار ہمارے سامنے ہے۔ محترمہ فاطمہ جناحؒ نے جس طرح قائداعظم محمد علی جناحؒ کا ساتھ دیا وہ ہماری خواتین کے لیے ایک مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہ امر نہایت خوش آئند ہے کہ موجودہ دور میں عورت نے زندگی کے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ جہاں ایک طرف وہ مردوں کے شانہ بشانہ کھڑی معاشرے کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے تو وہاں دوسری طرف خود اپنے حقوق کا دفاع کر رہی ہے۔

ایک اسلامی ریاست کے باشندے ہونے کے ناطے اور ایک ایسے مذہب کے پیروکار ہونے کے ناطے کہ جس نے آج سے چودہ سو سال پہلے ہی عورت کے اصل مقام کی نشاندہی کردی تھی اور اُس کے حقوق وفرائض کے تحفظ کے ساتھ ساتھ معاشرے میں اس کے کردار کو بھی واضح کردیا تھا ہمارے لیے موجودہ دور میں اور خصوصاً بدلتی اقدار کے تناظر میں عورت کے کردار اور اس کو درپیش مسائل پر غور کرنے کی ضرورت اور بھی زیادہ ہے۔


میری رائے میں موجودہ دور میں عورت کے کردار کو مزید فعال بنانے اور مستحکم کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ ہماری

بہنوں، بہوؤں اور بیٹیوں کو اس بات کا احساس دلایا جائے کہ وہ اپنی اصل شناخت کو دھندلا نہ ہونے دیں اور فلاح کا راستہ مضبوطی سے تھامے رکھیں۔

یہ بات قابلِ اطمینان ہے کہ حکومتِ پاکستان خواتین کے حقوق کے تحفظ کے بارے میں پُرعزم ہے اور اُنہیں معاشرے میں جائز مقام دلانے کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ پاکستان کے آئین و قانون میں خواتین کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ خواتین کی فلاح و بہبود اور اُنہیں معاشرے میں باعزت مقام دلانا موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تاہم اس مقصد کے لیے محض حکومتی کوششیں ہی کافی نہیں بلکہ سول سوسائٹی اور نجی شعبہ کو اس سلسلے میں بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ پاکستان دنیا میں ایک ترقی پسند اور فلاحی مملکت کے طور پر اپنا مقام بنا سکے۔

میری دُعا ہے کہ بدلتی دنیا میں عورت کے کردار پر روشنی ڈالنے اور اس کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل مرتب و واضح کرنے کی آپ کی یہ کاوش اپنے مقاصد میں مکمل طور پر کامیاب و کامران ہو۔ میں ایک بار پھر ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعتِ اسلامی پاکستان کو اس کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور آپ سب کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہوں۔





بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امیر جماعتِ اسلامی پاکستان

## سراج الحق

اوران کی ٹیم آپ کو مینار پاکستان پر خوش آمدید کہتے ہیں
اور درج ذیل پروگرام کے مطابق اس عظیم الشان

# بین الاقوامی خواتین کانفرنس

میں آپ کی شرکت کے متمنی ہیں۔

پروگرام انشااللہ

- بتاریخ: 22 نومبر 2014ء
- بروز: ہفتہ
- بوقت: دوپہر 2:30 بجے تا شام 5:30 بجے
- بمقام: مینارِ پاکستان، لاہور

برائے رابطہ:

- سینیٹر (ر) کیپٹن ڈاکٹر کوثر فردوس (نگران اُمورِ خواتین)
- ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی (صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن)

چشم براہ:

ڈاکٹر رخسانہ جبیں
سیکرٹری جنرل جماعتِ اسلامی


پروگرام انشااللہ


- تلاوت [illegible]جمہ : 2:00 تا 2:15 (قا[illegible]معیہ حنان)
- نعت : 2:15 تا 2:20 (حنا نصراللہ)
- خوش آمدید (افتتاحی کلمات) : 2:20 تا 2:25 (ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی)

**تقاریر**

- ہمارا پالیمانی کردار : 2:25 تا 2:30 (عائشہ سید)
- بدلتی دنیا میں عورت کا کردار۔ ترکی کے حالات کے تناظر میں : 2:30 تا 2:35 (ترک مندوب)
- کشمیری خواتین کی فریاد : 2:35 تا 2:40 (شمیم شال)
- بدلتی دنیا اور نوجوانانِ امت : 2:40 تا 2:45 (سمعیہ نواز)
- ترانہ : 2:45 تا 2:55
- جنگ زدہ علاقوں کی متاثرہ عورت : 2:55 تا 3:05 (فلسطینی مندوب)
- عورت کی منزل۔ اسلام یا فیمینزم : 3:05 تا 3:15 (صائمہ اسماء)
- خطاب سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی : 3:15 تا 3:25 (ڈاکٹر رخسانہ جبین)
- حُسن کارکردگی ایوارڈز : 3:25 تا 3:45
- خطاب محترم امیر جماعت اسلامی : 3:45 تا 4:05 (محترم سراج الحق صاحب)
- تاثرات بیرونی مندوبین : 4:05 تا 4:30 (ایشیاء، یورپ، انگلینڈ، امریکہ، افریقہ)
- تقریب حلف برداری (نومنتخب سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی برائے خواتین) : 4:30 تا 4:40 (محترمہ دُردانہ صدیقی)
- دُعا : (استاذہ سعاد الفاتح)




"بدلتی دُنیا میں عورت کا کردار"
22 نومبر مینارِ پاکستان، لاہور
جماعتِ اسلامی


"Emerging Role of
Women in a Globalised Era"
SAT. 22nd NOV 2014
MINAR E PAKISTAN LAHORE
Jamaat e Islami

*In the name of Allah, the most Beneficent, the most Merciful*

Ameer Jamaat-e-Islami Pakistan,

**Mr. Siraj-ul-Haq**

and his team warmly welcome you to Minar-e-Pakistan, and look forward to your kind participation in our

**International Women Conference.**

Program:

- Date : 22nd Nov, 2014
- Day : Saturday
- Time : 2:00 pm to 5:30 pm
- Venue : Minar-e-Pakistan

Looking Forward:

- Dr. Rukhsana Jabeen
  Sec General JI Women Wing
- Senator Captain (Retd) Dr. Kausar Firdous
  Incharge Foreign Affairs JI Women Wing

R.S.V.P.:

- Dr. Samia Raheel Qazi
  President Women and Family Commission JI, Ex MNA

Program:

| | | |
|---|---|---|
| - Tilawat e Quran | 2:00 to 2:15 | (Qaria Samiya Hannan) |
| - Naat | 2:15 to 2:20 | (Hina Nasrullah) |
| - Welcome Speech | 2:20 to 2:25 | (Dr. Samia Raheel Qazi) |
| - Role In Parliament | 2:25 to 2:30 | (Ayesha Sayyed) |
| - Role of Women In A Changing World | 2:30 to 2:35 | (Turkish Delegate) |
| - Plea of Kashmiri Women | 2:35 to 2:40 | (Maimoona Hamza) |
| - Youth and 'Change' | 2:40 to 2:45 | (Youth Leader) |
| - Nasheed | 2:45 to 2:55 | |
| - Women in Conflict Zones | 2:55 to 3:05 | (Palestinian Delegate) |
| - Women's Salvation; Islam or Feminism | 3:05 to 3:15 | (Saima Esma) |
| - Address by Secretary General JI | 3:15 to 3:25 | (Dr.Rukhsana Jabeen) |
| - JI Awards For Excellence | 3:25 to 3:45 | |
| - Key Note Address by Ameer JI | 3:45 to 4:05 | (Siraj-ul-Haq) |
| - Views of Foreign Delegates | 4:05 to 4:30 | (Aisa, EU, UK, US, Africa) |
| - Oath Taking Ceremony (Newly elected Secretary General JI Women) | 4:30 to 4:40 | |
| - Dua | | (Ustaza Suaad Al Fateh) |

# رپورٹ 2015ء



# حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ ایمان ووفا کی ساتھی

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی
جماعت اسلامی

انسانی تاریخ میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ طاہرہؓ کی طرح کی خواتین کم ہی نظر آتی ہیں جنہوں نے خواتین کے لیے عمل کی راہیں آسان تر اور روشن تر بنائی ہیں۔اُن کی یہ عظمت تو قابل رشک ہے ہی کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی ایمان لانے والی انسان ہیں۔مگر اُن کی یہ عظمت ہماری نظروں سے پوشیدہ رہتی ہے کہ انہوں نے خود اپنے لیے اُس ذات بابرکات کو تلاش کیا اور منتخب کیا جس کے لیے اقبالؒ کہتے ہیں کہ!

آیۂ کائنات کا معنیِ دیر یاب تو
نکلے تیری تلاش میں قافلہ ہائے کو بکو

انہوں نے عرب کی مالدار ترین خاتون ہوتے ہوئے امیر ترین رؤسائے عرب کے رشتے ٹھکرائے اور اُس دُرِ یتیم کو جسے محبوب دو جہاں بننا تھا۔اس وقت پہچانا جب ابھی اُنؐ کے گوہر کو اللہ نے آشکار نہ کیا تھا۔یہ حضرت خدیجہؓ کی بصیرت کی انتہا تھی اور ان کے مقدر کی خوش نصیبی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سے پندرہ سال بڑی اور دو دفعہ بیوہ ہو جانے کے باوجود اُن کا پیغام قبول کیا اور روئے زمین کا سب سے خوش بخت جوڑا ہونے کا اعزاز پایا۔

مارچ کا مہینہ آتے ہی اقوام عالم میں عورت کے حقوق، مساوات اور آزادی کے نعرے بلند آہنگ کے ساتھ گونجنے لگتے ہیں۔اخبارات ایڈیشن نکالتے ہیں۔سول سوسائٹی اور این جی اوز پنج ستارہ ہالوں میں کانفرنسیں کرتی ہیں۔کروڑوں روپے کے اخراجات سے مختلف سرگرمیاں سرانجام پاتی ہیں۔حکومت بھی اس دوڑ میں پیچھے نہیں رہتی اور بلند بانگ دعوؤں کے ساتھ سرکاری تقریبات بھی منعقد کی جاتی ہیں مگر عام عورت کی قسمت میں ہر سال وہی محرومی، مجبوری اور زندگی کی تلخیاں برقرار رہتی ہیں کیونکہ صرف اُسی تلخی، محرومی اور مجبوری ہی کا ہر طرف آوازہ جو گونج رہا ہوتا ہے۔ایسے میں ہر باشعور پاکستانی کا یہ فرض ہے کہ حقائق اور اعداد و شمار کی روشنی میں زندگی کی ان تلخیوں اور محرومیوں کو بھی کم کرنے کی کوشش کرے اور اس کے ساتھ ساتھ زندگی کی ان خوشیوں اور رعنائیوں کا بھی ذکر کرے جو ہمارا معاشرہ، ہماری اقدار اور ہمارا دین ہماری زندگیوں میں شامل کرتا ہے۔اسی سلسلے میں ایک مشاورت میں یہ طے پایا کہ ہم ہر سال کسی ایک نامور مسلم خاتون کو بطور رول ماڈل دنیا کے سامنے لائیں تا کہ ہماری روایتی معاشرے کی

غیر اسلامی رسوم کی اڑتی ہوئی دھول میں ان خواتین کا جو موثر کردار زمانے کی نظروں سے اوجھل ہو گیا ہے اُسے سامنے لایا جائے۔ چنانچہ اس سال کا یوم خواتین سیرت حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کو بطور رول ماڈل سامنے لانے کا فیصلہ ہوا۔

آج یوم خواتین پر حقوق نسواں اور عورت کی آزادی اور مساوات کا بڑا چرچا ہے مگر ہم اُن خواتین کا وہ معاشرتی رول دنیا کے سامنے نہیں لا پا رہے اور نہ ہی اُس پر عمل درآمد کے لیے کوئی طریقہ کار وضع کر رہے ہیں۔ حضرت خدیجہؓ کا یہ فیصلہ کہ انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خود منتخب کیا۔ اُن کی رائے کی آزادی اور ان کے حقوق کے حاصل ہونے کا ایسا اعلان ہے کہ جس کا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا۔ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر غور کریں تو ایک عرب شاعر نے اُن پر طنز کرتے ہوئے شعر کہا تھا کہ ''جب سے اس دنیا میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم آئے ہیں،'' دنیا میں عورت ہی عورت ہونے لگی ہے۔''

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ساری عمر حضرت خدیجہؓ کا بہت پیار اور احترام سے ذکر کیا کیونکہ انہوں نے وفا، محبت اور قربانی کی لازوال داستان رقم کی ہے۔ خاندان نبوت کی ایسی آبیاری کی ہے کہ اُس میں اپنا تن بھی جلایا، اپنے من کو بھی وفا کی بھٹی میں تپایا اور اپنے دھن کو بھی قربان کیا۔ وہ مکہ کی انتہائی کامیاب اور مشہور تاجرہ تھیں جن کے تجارتی قافلے شام اور یمن تک تجارت کے لیے جایا کرتے تھے۔ لیکن پھر شعب ابی طالب کی گھاٹیوں میں تین سال تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایثار و قربانی کا ایسا رشتہ نبھایا کہ تاریخ اس طرح کی مثال دینے سے قاصر ہے۔

سب سے پہلے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی دلجوئی کی اور تسلی کے وہ تاریخی الفاظ رقم کیے جن سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفیق ہستی کو وحی کی گرانبار ذمہ داریاں سنبھالنے میں ڈھارس ملی۔ وہ نبوت کی پہلی ڈھال بنیں اور ہر جگہ اپنے محبوب شوہر کی غم گساری کی۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اُن کی ایسی حوصلہ افزائی کی کہ اُن کی صلاحیتیں اور بھی پروان چڑھیں اور اُن کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوا۔ اُن کے ہوتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی اور نکاح نہ کیا۔ یہ بھی اُن کا ایک بہت مبارک اعزاز ہے کہ اُن کی وجہ سے خانۂ نبوت کو اولاد عطا ہوئی۔ اُن کی اتنی منفرد اور بابرکت ذات تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو نوع انسانی کے سب سے مبارک گھرانے کا مرکز محبت بنایا۔ عورت اپنے خاندان اور گھر کا مرکز محبت ہوتی ہے اسی لیے قرآن کریم میں صنفی مساوات کا ذکر کرتے ہوئے اللہ رب العالمین فرماتا ہے:۔

''میں تم میں سے کسی کا عمل ضائع کرنے والا نہیں ہوں۔ خواہ مرد ہو یا عورت، تم سب ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔'' (آل عمران: ۱۹۵)

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان نبوت کے بعد حضرت خدیجہؓ نے ایک لمحہ کی تاخیر کیے بغیر اسلام قبول کیا اور آپؐ کی نبوت کی تصدیق کرتے ہوئے آپؐ پر ایمان لائیں۔ علامہ ابن اثیر اپنی مشہور کتاب اسر الغلبۃ فی معرفۃ الصحابۃ میں لکھتے ہیں کہ

’’وہ خلقِ خدا میں سب سے پہلے اسلام لانے والی تھیں۔ اس معاملہ میں نہ کسی مرد اور نہ کسی عورت نے اُن سے سبقت کی۔‘‘

ہم بھی آج حضرت خدیجہؓ کے کردار کو سامنے رکھتے ہوئے وطنِ عزیز میں عورت کے لیے راہِ عمل متعین کریں۔ معاشرے میں اُس کے استحصال پر کڑی نظر رکھیں اور اُس کے لیے محبت اور حفاظت کا ماحول بنانے کا انتظام کریں۔ مردوں کے اس معاشرے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی شفقت کو عام کریں اور وہی ماحول بنائیں جس میں زندہ درگور ہوتی عورت کو انسانیت کا شرف ملا۔ سر اٹھا کر جینے کا سلیقہ ملا، اظہارِ رائے کی آزادی ملی اور اس کی صلاحیتوں کو اُجاگر کیا گیا اور اس کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اُس کے خاندان کے مرکزِ محبت ہونے کے کردار کو ہی اتنی اہمیت دی گئی کہ اُس دور کی عورت کو اس غلط فہمی کا موقع ہی نہ مل سکا کہ گھر ایک قید خانہ ہے۔ اُس نے گھر کو جنت بنا کر اُسی کردار کو اتنا فعال طریقے سے ادا کیا کہ اُس نے ایک ایسی نسل تیار کی کہ جس نے وہ معاشرہ تخلیق کیا جو آج بھی ڈیڑھ ارب انسانوں کے لیے آئیڈیل کی حیثیت رکھتا ہے۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بطور رول ماڈل سامنے رکھتے ہوئے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمارا معاشرہ انؓ کے تاریخ ساز کردار سے عمل کی راہوں کو روشن کر سکے۔ ہم بھی اپنی عورتوں کو ویسے ہی حقوق دیں۔ اُن کی اسی طرح سے حوصلہ افزائی کریں۔ انہیں محبت اور حفاظت کے حصار مہیا کریں کیونکہ ایک روایت کے مطابق بی بی حواؑ کو حضرت آدمؑ کی پسلی سے پیدا کیا گیا اور پسلی دل کے قریب اور بازو کے نیچے ہوتی ہے۔ عورت کی فطرت کو اسی طور پر پیدا کیا گیا کہ وہ محبت سے حفاظت کی محتاج ہوتی ہے اور جس بھی عورت کو یہ حصار میسر آ جائیں وہ ہر ناممکن کام کو ممکن کر جاتی ہے۔ ہماری یہ بدقسمتی رہی ہے کہ جس تاریخ اور معاشرے کو مردوں اور عورتوں نے مل کر بنایا ہے اُس میں سے عورت کو غائب کر دیا گیا ہے۔ اسی لیے دنیا نے ہماری تاریخ اور معاشرے دونوں کا ادھورا اور ناقص تصور لے لیا ہے۔ اسلام کا خوبصورت اور روشن چہرہ دنیا کو دکھانے کے لیے ہمیں ان منور کرداروں کو سامنے لانا ہوگا جنھوں نے روایت شکن اقدامات کر کے عورت کو ان کے حقوق دلائے۔

آئیں اس یومِ خواتین پر اُنہی مدہم ہوتے ہوئے نقوش کو تازہ کریں جن میں ہمارے پاس دنیا کی امامت بھی تھی اور آخرت کی فضیلت بھی۔ ہم نے اپنی تاریخ بھی فروزاں کی تھی اور ہمارا جغرافیہ بھی پھیل رہا تھا۔ اپنی اُس کھوئی ہوئی عظمت کو بازیاب کرانے کے لیے آئیں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قدموں میں بیٹھ کر اپنے لیے عمل کی راہیں تلاش کریں اور اپنے حصے کی شمع جلاتے جائیں۔

Follow Khadija, Ayesha, Fatima

The True Leaders of Yesterday, Today and Tomorrow

محترمی ومکرمی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ!

ربِ رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ!

یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ معاشرے کے حسن، وقار اور استحکام کا راز عورت کی پر خلوص قربانیوں اور لازوال جدوجہد میں پوشیدہ ہے۔ مگر یہ بھی تاریخ عالم کی تلخ حقیقت ہے کہ دنیا کی بیشتر تہذیبوں میں عورت کو وہ مقام اور مرتبہ نہیں دیا گیا جس کی وہ مستحق تھی۔ کبھی اُسے حضرت آدم کو جنت سے نکالنے والی، کبھی فساد کی جڑ، کبھی بازاروں میں فروخت ہونے والی جنس بے مایہ سمجھا گیا۔ اسے ہر خطے میں مظلوم مجبور اور محروم رکھا گیا۔ اسے کوئی سماجی، سیاسی اور معاشی حقوق میسر نہ تھے۔ ایسے میں زندہ درگور ہونے والی عورت کے لیے محسن نسواں صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسا نظام لے کر آئے جس میں اسے انسانیت کے شرف سے نوازا گیا۔ اسے سر اٹھا کر جینے کا سلیقہ سیکھایا۔

حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے بارے میں یہ تصور دیا کہ وہ دنیا کی بہترین متاع ہے اور وہ انسان کے حسن سلوک کی سب سے زیادہ مستحق ہے۔ وہ معاشرے کے استحکام کی ضامن ہے۔ خاندان کی مرکز محبت ہے۔ اس کی مضبوطی سے معاشرے ترقی کی راہ پر گامزن ہو جاتے ہیں۔

جماعت اسلامی کی خواتین آج کی بدلتی دنیا میں اسی باشعور، خود آگاہ اور مثبت کردار کی علم بردار ہیں اور اسی لیے ہم نے یوم خواتین کو امہات المومنین کے نام منسوب کرنے کا پروگرام بنایا ہے تا کہ آج کی عورت کو ان کے پرعزم کرداروں سے روشناس کرایا جا سکے۔

اس دفعہ امہات المومنین حضرت خدیجہؓ کی سیرت ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔

ہماری نومنتخب قیمہ محترمہ دردانہ صدیقی نے جماعت کے ویمن اینڈ فیملی کمیشن کو حضرت خدیجہؓ کے روشن کردار کو اُجاگر کرنے کی ذمہ داری سونپی اور ہم آپ کی خدمت میں اس حوالے سے یہ فائل بجھوا رہے ہیں۔

امید ہے آپ اسے مفید پائیں گے۔


آپ کی آراء اور تجاویز کی منتظر

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی


رضی اللہ تعالیٰ عنہا
الکبریٰ
حضرت
خدیجہ
ایمان و وفا کی ساتھی
زبیر منصوری




اسلامی پاکستان خوشحال پاکستان
حضرت خدیجہ الکبریٰ
ایمان و وفا کی ساتھی
ویمن اینڈ فیملی کمیشن
جماعت اسلامی
www.jamaatwomen.org
8 مارچ
یومِ خواتین

Islamic Pakistan Prosperous Pakistan
Follow
Hazrat Khadija (R.A)
Our Role Model
8th March
Women's Day
WOMEN AND FAMILY COMMISSION
Jamaat-e-Islami
www.jamaatwomen.org




8th March
Women's Day
Women and Family Commission Jamaat-e-Islami
خدیجہ الکبریٰ
ایمان و وفا کی ساتھی


Islamic Pakistan Prosperous Pakistan
WOMEN AND FAMILY COMMISSION
Jamaat-e-Islami
www.jamaatwomen.org
ART & STYLEZ 0300 8071120
Follow
Hazrat Khadija (R.A)
Our Role Model
8th March Women's Day


Women!
The Pillar of civilization
and symbol of
love and respect.
8th March
Women's
Day



اسلامی پاکستان خوشحال پاکستان
Islamic Pakistan Prosperous Pakistan
Follow
Hazrat Khadija (R.A)
Our Role Model
8th March Women's Day
Women!
The Pillar of civilization and symbol of love and respect
عورت کا ہر روپ
قابل احترام
8th March
Women's Day




ماں ـ جنت
بیٹی ـ رحمت
بہن ـ عزت
بیوی ـ محبت
عورت کا ہر روپ
قابل احترام

# رپورٹ 2016ء



# 8 مارچ عالمی یومِ خواتین 2016

۱۔ عالمی یومِ خواتین کو یومِ اُم المومنین حضرت عائشہؓ کے طور پر منایا گیا۔
۲۔ یومِ حضرت عائشہؓ کو منانے کے لیے میڈیا، پارلیمنٹ اور موثر افراد سے ملاقاتیں کی گئیں۔
۳۔ ایرانی سفارت خانے کے مل کر لاہور ضلع اور مرکز کے ساتھ مل کر یومِ خواتین کو منایا۔
۴۔ اُم المومنین حضرت عائشہؓ کے بارے میں گفٹ بیگ بنایا گیا، جس میں کتابچے بک مارک اور وش کارڈ شامل تھے۔

کانفرنسز:۔

۱۔ Inter faith کانفرنس میں WCR کے نمائندے کے طور پر As a guest اسپیکر شرکت۔
2۔ 3rd ICAPP Workshop on Human Trafficking میں شرکت۔ 22 ملک کے نمائندوں کے ساتھ 2 دن اچھی گفتگو رہی۔ ملکی سیاسی قائدین کے ساتھ بھی مختلف موضوعات زیر بحث رہے۔ چوہدری شجاعت، مشاہد حسین، بلاول بھٹو زرداری، محمود خان اچکزئی، اور مختلف بیوروکریٹس کے ساتھ نشستیں رہیں۔
3۔ فرانسیسی سفیر نے Women and Climate change پر ایک فورم رکھا تھا، اس میں شرکت کی اور شیری رحمان، بشریٰ گوھر اور فرانسیسی پولیٹیکل قونصلر نتھالی کے ساتھ ملاقات میں اپنا Climate change پر مقالہ پیش کیا۔
4۔ LUMS یونیورسٹی میں ویمن پروٹیکشن ایکٹ پر ایک Debate میں حصہ لیا۔
5۔ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز کے زیر اہتمام ایک کانفرنس ہوئی جس میں مہمان مقرر کے طور پر شرکت کی۔ وفاقی وزراء سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین موجود تھے۔
6۔ شریعہ اکیڈمی اسلامک یونیورسٹی کی کانفرنس میں شرکت۔
7۔ ناموسِ رسالت کانفرنس کی میزبانی کی۔

طباعت و تقسیم لٹریچر:۔

۱۔ عورت کے حقوق اور خاندان کے استحکام کے موضوعات پر مختلف جگہوں میں presentation تیار کر دی۔
۲۔ ناموسِ رسالت پر کتابچے۔
۳۔ تحفظِ نسواں بل پر فائلیں تیار کیں۔

۴۔حضرت عائشہؓ کے کتابچے۔
۵۔ایران میں اپنا لٹریچر تقسیم کیا۔

**اندرونِ ملک دورہ جات:۔**

ا۔اندرونِ ملک مختلف النوع کانفرنسز، میٹنگز اور پروگرامز میں شرکت۔
۲۔ لاہور کراچی، اسلام آباد، پشاور، دیر میں پروگراموں میں شرکت۔
۳۔ورلڈ کونسل آف ریلیجنز کے اجلاس میں شرکت۔
۴۔مرکزی ورکشاپ میں شرکت۔
۵۔اسٹارز آف اسلام کے Sunnah Day کی تقریبات میں شرکت۔
۶۔ لمز یونیورسٹی (LUMS) میں Recomcilling Feminism With Islam کے عنوان سے Forum میں As a Panalist شرکت۔
۷۔تین روزہ دورہ بلوچستان میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ دورانی سے انکے چیمبر میں ملاقات، تحائف کا تبادلہ، اسمبلی کی کاروائی میں استقبالیہ سے خیر مقدم کیا۔وہاں کے ایک پشتون سردار کی فاتحہ خوانی میں شرکت، جامعہ المحصنات کے تربیتی پروگرام میں شرکت۔
۸۔دورہ اسلام آباد، اسٹریٹیجک اسٹڈیز کے زیر اہتمام ورکشاپ میں شرکت۔
۹۔ دورہ پشاور۔

# یواین وویمن اور پاکستانی معاشرہ

ڈاکٹر کوثر فردوس

یواین بلڈنگ نیویارک میں کمیشن آن سٹیٹس آف وویمن (CSW) کا 60واں سیشن 14 مارچ تا 24 مارچ 2016ء میں ہوا- اس میں ہونے والے بیشتر پروگرامات عورتوں پر تشدد (Violence Against Women) کے متعلق تھے۔ تشدد کی تعریف اور اقسام بہت وسیع ہیں۔

مختلف کمروں اور میٹنگ رومز کے فورمز تشدد کے یہی پہلو و تفصیلات بیان کر کے رائے سازی کر رہے تھے۔ عورتوں کی ٹریفیکنگ، ریپ، دھمکی، دباؤ، مار پیٹ، جنگ کے دوران عورتوں سے سلوک وغیرہ، اس ذیل کے کچھ عنوانات تھے۔

اس عنوان پر پاکستان مشن نے بھی ایک پروگرام منعقد کیا۔ تقریباً ساڑھے چار سو افراد, رات ساڑھے چھ بجے سے آٹھ بجے تک کے اس سیشن میں موجود تھے۔ یہ سیشن ایک ڈاکیومینٹری پر مشتمل تھا۔ اس کو شرمین عبید صاحبہ نے تیار کیا ہے جو کہ اس پیشکش کی بناء پر عالمی آسکر ایوارڈ کی مستحق قرار دی گئی ہیں۔ جسکا عنوان تھا لڑکی دریا میں-

یہ ایک لڑکی صبا کی کہانی ہے جو ایک لڑکے کی محبت میں گرفتار ہو کر گھر سے بھاگ جاتی ہے، اس کا باپ اور چچا اس کو پکڑ لاتے ہیں، مارتے ہیں اور نہر میں پھینک دیتے ہیں۔ مگر یہ نہر سے نکل آتی ہے ہسپتال (ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ) سے فارغ ہو کر غریب اور بڑے خاندان پر مشتمل سسرال میں منتقل ہو جاتی ہے باپ اور چچا جیل چلے جاتے ہیں، مقدمہ چلتا ہے، وکیل قانون کے حوالے دیتا ہے کہ ایسے مجرموں کیلئے سزا ہے- انکوائری افسر لمبی داڑھی والے ایک صاحب ہیں اور وہ بھی رائے دیتے ہیں کہ اسلام میں بیٹی کو یوں مارنے کی اجازت نہیں ہے۔ شرمین اور اس کے باپ کا مکالمہ بھی ہے کہ قرآن میں کہاں لکھا ہے کہ بیٹی پر یوں ظلم کیا جائے، جس کا جواب باپ دیتا ہے کہ قرآن لڑکیوں کو گھر سے بھاگنے کی اجازت نہیں دیتا اور میں غیرت والا ہوں بے غیرت نہیں ہوں۔ ہمسایوں اور رشتہ داروں کے دباؤ سے نہ چاہتے ہوئے لڑکی باپ اور چچا کو معاف کر دیتی ہے، وہ جیل سے باہر آجاتے ہیں۔ کچھ عرصہ لڑکی کا اپنے خاندان سے رابطہ نہیں رہتا اور بعد میں شروع ہو جاتا ہے۔

ملیحہ لودھی صاحبہ، سفیر یواین مشن نیویارک اور یواین ویمن کی ایکٹو ڈائریکٹر پینل پر تھیں۔ ملیحہ لودھی صاحبہ نے بتایا کہ فلم کا ابتدائی حصہ وزیراعظم پاکستان کے گھر فلمایا گیا ہے، جو کہ ان کی خصوصی سرپرستی کی گواہی ہے۔ دوسرے اسلام نہیں، یہ روایات ہیں جو لڑکیوں کو پسند کی شادی کرنے پر ظلم و تشدد کا نشانہ بننے کی وجہ ہیں اور تیسرے بہت اہم عمل، پنجاب اسمبلی میں پاس ہونے والا، عورتوں پر تشدد کے خاتمے کا بل ہے جو پاکستانی گورنمنٹ کی عورت پر تشدد کے خاتمے کے لئے عزم اور اس ذیل میں پیش رفت کی دلیل ہے۔ پاکستان کے قانون میں موجود سقم کا بھی ذکر آیا کی یہ قابل راضی نامہ ہے- اس میں تبدیلی کی ضرورت ہے تاکہ یہ والدین اور رشتہ داروں کو لڑکیوں پر دست درازی سے روکے-

چونکہ مرکزی خیالات (Themes) میں سے ایک ''عورت پر تشدد'' تھا۔ اس لئے زیادہ تر پروگرامات (Events) اسی عنوان سے متعلق تھے۔ ان کو بیان کرنے اور پیش کرنے کا پیرایہ مختلف تھا، یہ یواین باڈیز اور این جی اوز گروپس کی طرف سے ترتیب دیئے گئے تھے۔ عنوان کبھی بظاہر اس متعلق نہ ہوتا مگر تفصیلات میں تشدد کی کسی جہت کو بیان کیا جاتا۔ مثلاً (Protect our Girls) ہماری بچیوں کو بچاؤ، (Stop Trafficking) عورت کی سمگلنگ بند کرو، (Save Women Life) عورتوں کی زندگی بچاؤ یا براہ راست عنوان اسی سے متعلق تھا۔ مثلا نوجوانوں کا تشدد سے بچاؤ اور مقابلہ، عورت کی ترقی اور اس کو تشدد سے بچانا، جنگیں اور عورتوں پر تشدد، صنفی تشدد کے مقابلے کے لئے قانون سازی وغیرہ وغیرہ۔

عورت کے متعلق ہر قسم کے امتیاز کے خاتمے کا معاہدہ (سیڈا) 1979 میں ہوا، جو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اپنایا، آج اس کو 37 سال بیت گئے، اقوام متحدہ میں رجسٹرڈ 193 ممالک میں سے 188 ممالک نے اس پر دستخط کئے اور اس پر عملدرآمد کا آغاز کیا۔ پاکستان بھی اس معاہدے پر دستخط کرنے والوں میں ہے مگر ان تحفظات کے ساتھ کہ کسی بھی ایسی شق پر عملدرآمد کا پابند نہیں ہوگا جو کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے خلاف ہے۔ یہ معاہدہ پانچ اہم معاملات کے متعلق ہے جو کہ عورت کے انسانی، معاشی، سیاسی، سماجی اور معاشرتی حقوق ہیں۔ سیڈا ایک ڈھانچے کی تشکیل بھی کرتا ہے جس کے ذریعے ممالک کو اس معاہدے میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہی دینا ہوتی ہے اور اس راستے کی درپیش مشکلات اور انکا حل ہوتا ہے۔

کمیشن آن سٹیٹس آف ویمن (CSW) اقوام متحدہ کی اکنامک اور سوشل کونسل کے تحت کام کرنے والا کمیشن ہے، یہ کمیشن 21 جون 1946ء میں اقوام متحدہ کی اکنامک اور سوشل کونسل (ECOSOC) میں منظور ہونے والی ایک قرارداد کے ذریعے وجود میں آیا۔ اس کمیشن کے پاس اختیار ہے کہ یہ عورت کے حقوق کی بڑھوتری و ترقی کیلئے سفارشات مرتب کرے اور ان سفارشات پر عملدر آمد کا جائزہ بھی لے۔ اس کے علاوہ سیڈا پر عملدر آمد کیلئے طے کیا گیا کہ 13 نکاتی ضابطہ بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن پر عملدر آمد کو بھی یقینی بنائے۔ بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن (BPFA 1995ء) میں طے ہوا۔ جنرل اسمبلی کے سپیشل سیشن منعقدہ 2000ء میں طے پایا کہ یہ ہر سطح پر عورتوں کو برابری دلانے کیلئے رہنما تحریر ہوگی۔

CSW کیلئے ہر سال ممبر ممالک کے مشن، اقوام متحدہ کے ادارے اور این جی اوز جو کہ اقوام متحدہ کی اکنامک اور سوشل کونسل میں رجسٹرڈ ہیں، اکٹھی ہوتی ہیں، یہ اجتماع اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر واقع نیویارک، امریکہ میں ہوتا ہے۔ عموماً مارچ میں اور دس روز کیلئے ہوتا ہے۔ یہ اجتماع موقع فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے سے صنفی برابری اور عورت کی ترقی میں پیشرفت کا جائزہ، مشکلات و رکاوٹوں کا ادراک، عالمی معیارات قائم کرنے کے ساتھ، پالیسی سازی، رائے سازی اور باہم رابطے ہوں۔ تاکہ مستقبل کیلئے، جذبے جوان ہوں اور کام کی نئی جہتیں باہم تجربات کے تبادلے و مشوروں سے اختیار کی جاسکیں۔

اس کمیشن کیلئے طریق کار بھی اس کی تشکیل کیلئے منظور کردہ قرارداد میں لکھ دیا گیا تھا، آج کل اس کے کام کا طریقہ موضوع سے متعلق مرکزی خیال پر شرکاء کی آراء سننے کے بعد سفارشات تیار کر دی جاتی ہیں اس کا 60واں سیشن 2016ء میں مارچ 14 تا مارچ 24 ہوا۔ اس میں دو اہم موضوعات بعنوان عورت کی ترقی اور دنیا میں تسلسل سے ہونے والی ترقی کے اہداف" (Women Development & Sustainable Development Goals) اور عورت اور لڑکیوں پر ہر قسم کے جنسی تشدد کا خاتمہ اور بچاؤ تھے۔ اس دوران ایک وزراء ممبر ممالک کا راؤنڈ ٹیبل سیشن بھی ہوا۔ اس کے علاوہ مختلف گروپس میں گفتگو اور تبادلہ خیال ہوا۔ خاص عنوانات پر مختلف شرکاء پروگرام منعقد کرتے ہیں جو کہ رائے سازی و تبادلہ خیال کیلئے ہوتے ہیں۔ آخر میں مرتب ہونے والی تحریر پر ممالک کے نمائندگان باہم گفت و شنید سے متفق ہوتے ہیں اور اس کو آؤٹ کم ڈاکومنٹ کہا جاتا ہے۔

یو این ویمن اقوام متحدہ کے ممبر ممالک کی حکومتوں اور سول سوسائٹیز کے ساتھ قانون سازی، پالیسی اور سروسز کیلئے، میں امداد کرتا ہے۔ کمیشن 45 ممبرز پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ چار سال کیلئے، ایکوساک کونسل سے جغرافیائی بنیاد پر منتخب کئے جاتے ہیں، امریکی ریاستوں سے 13 ایشیائی ممالک سے 11 لاطینی امریکہ اور کریبین ریاستوں سے 9 غربی یورپ و دیگر علاقوں سے 8 اور چار مشرقی یورپ کی ریاستوں سے لئے جاتے ہیں۔ پاکستان بھی اس کمیشن کا ممبر ہے اور اس کی ممبر شپ کا دورانیہ 2013ء تا 2017ء ہے۔

عورتوں کی عالمی کانفرنسز 1985 نیروبی، 1995 بیجنگ، 2000 بیجنگ پلس فائیو، 2005 بیجنگ پلس ٹین (B+10) 2010ء میں بیجنگ پلس 15 (B+15) 2015ء میں بیجنگ پلس (B+20) 20 ہیں۔ اس موقع پر 2015ء میں CSW59TH پیش ہوا۔ B + 20 کے موقع پر سیڈا اور بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن BPFA کی تائید کی گئی۔ BPFA کے تیرہ نکات میں سے 8 کو اہم ترقرار دے کر ملینیم ڈویلپمنٹ گولز (MDGs) کا نام دیا گیا۔ 2030 کیلئے تشکیل دیا گیا ایجنڈا اس طرح ترقی کے تسلسل (Sustainable Development Goals) کیلئے نکات ہیں۔ یہ دنیا سے غربت کے خاتمے، صحت، تعلیم، صاف پانی، توانائی، ملازمت، ماحولیاتی تبدیلی، عالمی امن، عالمی تعاون وغیرہ پر مشتمل ہیں۔ ان 17 میں سے نکتہ نمبر 5 عورتوں اور لڑکیوں کیلئے برابری اور ترقی کا حصول ہے۔

معمول کے مطابق ان دنوں میں 550 پروگرامات یو این خصوصی سیشنز کے علاوہ ہوئے، جن میں ہر کوئی شرکت کرسکتا ہے، جبکہ خصوصی پروگرام اور CSW کے سیشنز کیلئے خصوصی پاس درکار ہوتے ہیں۔ جو کہ صرف گورنمنٹ اور ایکوساک سٹیٹس کی حامل این جی اوز کے نمائندگان کو دیئے جاتے ہیں۔

عورت کے ساتھ بچی یا نوجوان لڑکی، Girl بھی اہم عنوان ہے لڑکیوں کو ساتھ شامل کرنا، ان کے لئے مختلف قسم کی ٹریننگز، گروپ ڈسکشن اور آگاہی کے پروگرامات تھے۔ آئی۔ٹی کے استعمال اور اس کے ذریعے سے تشدد سے بچاؤ کیسے ممکن ہو، بھی ایک عنوان تھا۔ ہمارا مستقبل نوجوان بچیاں ہیں۔ میرا مشاہدہ ہے کہ لڑکیوں کی CSW میں شرکت کی شرح میں بھی وقت کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔

اسقاط حمل گزشتہ سالوں کی طرح اس بار بھی پروگرامات کا عنوان تھا، مگر اس کو ایک دوسرے پہلو سے بھی دیکھا گیا۔ وہ یہ کہ اسقاط حمل قانوناً جائز قرار نہیں دیا جانا چاہیے- ان

پروگرامات(Events) کاعنوان تھا،''اسقاطِ حمل، چھاتی کا کینسر اورعورت پر تشدد کا باہم تعلق''،''تولیدی صحت (Reproductive Health) کے لئے تعلیم اور ریسرچ''امریکہ میں ماں کی صحت کی حفاظت کے لئے اچھے تجربات'' تھے۔ایک چار ورقہ بھی تقسیم ہو رہا تھا جو تحقیقاتی مقالات از ڈاکٹرز اور نفسیاتی ماہرین سے مرتب کیا گیا تھا کہ اسقاطِ حمل عورت کی صحت کے لئے مضر ہے خواہ وہ قانونی ہو یا غیر قانونی اور جہاں اس کی اجازت ہے وہاں عورت کی صحت کا گراف بڑھا نہیں کم ہوا ہے۔گویا عورت کی تولیدی صحت کے لئے کچھ دیگر تدابیر کی ضرورت ہے۔دوسرا پہلو اس میں اسقاطِ حمل کا عورت کی نفسیات پر اثرات اور تیسرا آنے والے بچے کے ساتھ ناانصافی واضح کیا گیا۔یہ پیپر ایک عیسائی مرد نے لکھا ہے، جس نے سوسائٹی برائے حفاظت قبل از پیدائش "Society for the protection of unborn children" بنائی ہوئی ہے-میں نے جب ان کی اس کاوش کو سراہا تو انہوں نے مجھے پاکستان مشن کے اس فرد سے ملنے کی تلقین کی جو CSW میں پاکستان کا نمائندہ ہے۔

## ملاقاتیں

CSW60 میں اس بار پاکستان کے وفد کے علاوہ چہرہ ڈھانپے والا دوسرا وفد سعودی عرب سے تھا جو تین خواتین اور ان میں دو کے شوہر حضرات پر مشتمل تھا۔یہ انٹرنیشنل یونین برائے مسلم سکالرز اور عالمی مسلم تنظیم برائے عورت و خاندان کے نمائندہ گان تھے۔کچھ دیگر تنظیموں کی ممبرز کے طور پر شامل تھیں۔انہوں نے ایک تحریر از مسلم علماء بھی تیار کی ہوئی تھی، جو بڑے سائز کے دس بارہ صفحات کے کتابچوں کی شکل میں تھی، عربی اور انگریزی دونوں زبانوں میں تھی، وہ CSW میں تو پہلی بار آئی تھیں مگر کافی لوگوں سے ملاقاتیں کر کے، اپنا یہ موقف ان تک پہنچا رہی تھیں کہ یو این وویمن کے ڈاکومنٹس میں شامل کئی چیزیں اسلام کے خلاف ہیں اور ہم ان کو تسلیم نہیں کرتے۔ان سے ملاقات رہی۔ان سے بات چیت بھی ہوئی، مگر ان کا جذبہ بہت جواں تھا اور ان کو میری رائے اور طریقہ کار غالباً مبنی بر مصلحت محسوس ہوا، کہ یہاں کے میدان میں کھیل کے اصول اور ذرائع مختلف ہیں-ان سے واقفیت، دخول اور اثر اندازی کے لئے موثر ہوگا۔

ترکی سے بھی چھ خواتین کا وفد شامل تھا، ان کی طرف سے بہت گرمجوشی کا مظاہرہ کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ ان کا تعلق ''ڈائیلاگ انسٹیٹیوٹ'' سے تھا، ان میں ایک میڈیکل ڈاکٹر، تین Phd ڈاکٹرز تھیں، ان کا کہنا تھا کہ ہم نے جنگوں کی متاثرہ مثلاً سیریا وغیرہ کی عورتوں کی مدد کے لئے کام شروع کیا ہے اس کو انہوں نے ''کمیشن برائے انسانیت'' کا نام دیا ہے۔انہوں نے پانچ دیگر لوکل اور گلوبل این جی اوز کے ساتھ مل کر ایک گروپ بنایا ہے۔اور اس گروپ نے اس سال پانچ پروگرامات کئے۔اس کام کے ذریعے سے آغاز، انکی حکمت عملی کا حصہ تھا کہ آگاہی و تجربے کے بعد وہ عورت کے حوالے سے ایجنڈے کے دیگر نکات پر کام کریں گی-

انہیں میرے تعارف میں میرا کیپٹن ہونا، چہرے کے پردے کے ساتھ ملازمت کرنا بہت خوش کن لگا، وہ سب سکارف اور ساتر لباس میں تھیں۔ہمارے درمیان یہ اتفاق رائے ہوا کہ آئندہ کسی مناسب عنوان سے، ایک ڈاکومنٹری کے ذریعے، یہ پیغام دیں گے حجاب و نقاب عورت کی ترقی میں رکاوٹ نہیں ہے۔

ایرانی عورتوں کے وفد سے بھی ملاقات ہوئی، وہ سر پر حجاب لئے ہوئے تھیں، مگر ایران کی بڑی سیاہ چادر اور اسی سے قدرے ڈھانپا ہوا چہرہ کوئی بھی نہیں تھا۔انڈونیشیا، ملائشیا، سوڈان کے گروپس بھی حجاب اور اپنے مقامی ساتر لباس میں تھے۔مراکو سے ایک بڑا گروپ تھا، اسمیں انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی خواتین بھی شامل، ان میں سے ایک وزیر ہے اور حکومتی وفد میں شامل ہے، دوسری نے کچھ دیگر بہنوں کے ساتھ جن میں سے ایک مقامی نوجوان خاتون ہے، ہل کر دو پروگرامات کئے۔جو عورت کی ترقی سے متعلق تھے اس کی تقریر میں خاندان اور اسلام کا حوالہ بھی تھا۔

پاکستانی وفد میں بلوچستان سے خاتون سپیکر، پارلیمنٹیرینز اور این جی اوز کی معروف خواتین تھیں۔ملیحہ لودھی صاحبہ سے پروگرام کے بعد مختصر ملاقات ہوئی۔اس سے پہلے گزشتہ سال پاکستان مشن کے دفتر میں ان سے ڈیڑھ گھنٹے کی ملاقات ہوئی۔جس میں انہوں نے بتایا تھا کہ میں نے اپنے Thesis کے لئے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کا انٹرویو کیا تھا اور اس کا دورانیہ ڈیڑھ گھنٹے کے قریب تھا مگر انہوں نے بہت تحمل کے ساتھ تفصیلی جوابات دیئے جس کی بنا پر میں آج بھی ان کی بڑی قدردانی کرتی ہوں۔قاضی حسین احمد مرحوم کے ساتھ بھی ملاقاتوں کا ذکر کیا اور کئی چیزوں کو سراہا۔

CSW65 کے موقع پر مختلف ممالک کی دستکاریوں اور تصویری نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔اس کی ذمہ دار ایک خاتون تھی، جس نے اپنی این جی او بنائی ہوئی ہے اور وہ اس طرح کی

نمائش سے حاصل ہونے والی آمدن کوضرورت مند خواتین کی امداد کے لئے استعمال کرتی ہیں، یہ اس نمائش کے ساتھ خود بھی منفرد علاقائی لباس کی بنا پر مرکز توجہ تھی۔ مجھ سے اس نے پاکستانی لباس کی فرمائش کی اور پاکستان میں بھی ایسی کسی نمائش کے لئے مدعو کرنے کو کہا، بہت محبت سے ملی، کسی زمانے میں وہ بھی اسلامی حجاب کرتی تھی مگر اب نہیں کرتیں، تصاویر بنائیں۔ اپنی بات اور موقف پہنچانے کے لئے آگاہی وروابط بنانے کے لئے یہ بھی اچھا عنوان تھا، CSW میں جہاں عورتوں کی بھیڑ ہوتی ہے جو کہ یواین بلڈنگ کے نواح میں مختلف ہوٹلز میں قیام پذیر ہوتی ہیں۔ وہاں مختلف عنوانات پر لٹریچر کی بھی بھر مار ہوتی ہے۔ یہ بالعموم پروگرام کے فلائرز ہوتے ہیں۔ کچھ تنظیموں نے مختصراً، نمایاں دوایک جملے میں موقف لکھ کر، اپنا تعارف وکارکردگی لکھی ہوتی ہے۔ مگر یہ کوئی بھی سات آٹھ صفحات سے زیادہ نہیں ہوتے، اس کیلئے اور بہت اچھے موٹے چمکدار صفحات استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس بار انٹرنیشنل مسلم ویمن آرگنائزیشن برائے عورت وخاندان جس کے سرورق پر رابطہ عالم اسلامی تحریر تھا۔ اور اس کا ویژن مسلمان خاندان کی حفاظت اور عورت کے حقوق کا تحفظ کے ساتھ دیگر تفصیلات درج تھیں۔ ایک بڑا تعارفی بروشر جس پر تحریر تھا ہر بچے کو امن کے ساتھ پرورش پانے کا حق ہے، اور یہ امام علی رضی اللہ عنہ پاپولر سٹوڈنٹ ریلیف سوسائٹی کا تھا جو کہ سوڈان کی جنوبی عورتوں کیلئے فلاحی تنظیم کا تھا اور ایک ایرانی عورتوں کی این جی او کا تعارف وکام کی تفصیلات تھیں جو غریب عورتوں کو ہنر سکھاتی ہیں۔

این جی اوز کے بیشتر پروگرام UN 777 پلازہ میں ہوتے ہیں۔ جس پر چرچ سنٹر کندہ ہے۔ اس کا چیل ہال چرچ کے کمرے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ گزشتہ پروگرامات میں یہاں آلات موسیقی اور ان کی مذہبی کتب بھی رکھی ہوتی تھیں، جو اس بار ہٹا دی گئی تھیں۔ سنٹر کی آٹھویں منزل پر ایک میز پر رکھے ہوئے فلائرز کئی عورتیں اٹھا رہی تھیں۔ ایک انگریز خاتون نے سرگوشی کرتے ہوئے پوچھا آپ کہاں سے ہیں، میں نے بھی سرگوشی میں ہی جواب دیا، پاکستان سے، اس نے گرم جوشی کا اظہار کیا، اور سرگوشی میں ہی مجھے کہا اگر تم دعائیں مانگتی ہو تو یہ دعا بھی مانگنا کہ امریکہ کا آنے والا صدر اچھا آدمی ہو۔

امریکہ میں آج کل انتخابات کی گرما گرمی ہے، ٹی وی پر بھی ہر وقت اس کی تفصیلات، آرا، محققین کی بحثیں وغیرہ چل رہی ہوتی ہیں۔ پاکستانی مسلمان بھی کچھ فکر مند ہیں۔ جس کا اظہار آلا باما میں ہمیں لینے والے ہمارے میزبان بھائی نے بھی کیا۔ میرا اور میرے شوہر کا ورجینا سے آلا باما جانے کا پروگرام ہوائی جہاز سے نہیں بلکہ بس سروس کے ذریعے بنا، جو کہنے کو تو اچھی سروس تھی مگر جگہ جگہ رکتی گئی، اور ایک جگہ تو ڈرائیور خاتون کے آنے پر بس 90 منٹ لیٹ روانہ ہوئی۔ یہ ہمارا چودہ گھنٹے کا شاید زندگی کا پہلا اور آخری سفر تھا۔ جس میں فون پر بات کرنے اور فون بیل کے ایک بار بجنے پر خاتون ڈرائیور اپنے مائیک پر سخت سست کہنا شروع ہوگئی کہ صبح کے 9 بجے لوگوں کے سونے کا وقت ہے، کوئی بات کر کے ان کو ڈسٹرب نہ کرے۔ بس سے اتر کر میں نے اس ڈرائیور خاتون سے پوچھا کی جب بس نوے منٹ لیٹ روانہ ہو، اور نو وارد مہمانوں کو کسی نے لینے آنا ہو، تو کیا انکا فون نہیں سنا جانا چاہیے۔ جس پر اس نے کہا، سنا جانا چاہیے۔

ہمارے ان پاکستانی بھائی نے رات کھانے پر دیگر جاننے والوں اور اپنے دوستوں کو مدعو کیا تھا۔ سارا وقت ٹرمپ اور ہیلری کے نام گونجتے ہے۔ یہ بحث خواتین کی طرف بھی آ گئی۔ ٹرمپ کا اپنی الیکشن تقریر میں بیان کرنا کہ ہم تمام مسلمانوں، اور دیگر غیر مقامی لوگوں کو یہاں سے نکال دینگے۔ ان کو مخصوص کارڈ جاری کرینگے اور اس پر کئی طرح کے خدشات کا اظہار تھا۔ ستر سال سے زیادہ عمر کے یہ صدارتی امیدواران جگہ جگہ جا کر اپنا موقف سمجھا رہے ہیں۔

مشاہدات ورائے

اہم بات یہ کہ پاکستان سے جانے والے بہت سے ذمہ داران اور تنظیم سے منسلک بنیادی افراد بھی وہاں کی اسلامی تنظیم کے ممبر نہیں ہیں۔ افراد کو بھی کسی اجتماعیت کے ساتھ منسلک کرنے کی ضرورت ہے اور تنظیم کو بھی اپنی عددی قوت بڑھانے کے فکر کرنی چاہئے کہ یہ حالات اور وقت کی ضرورت بھی ہے۔ جو افراد باقاعدگی سے سالانہ اور مقامی کنونشنز اٹینڈ کرتے ہیں۔ ان کو کسی بھی نام سے اور کسی بھی درجے میں، تحریری طور پر باقاعدہ منسلک کر لینا افراد کو زیاں سے بچاتا ہے اور بنیادی تنظیم کے متعلق غلط فہمیوں کے ازالے کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔

گلوبل ویلیج یا عالمی گاؤں کی اصطلاح ہے تو سادہ، مگر شاید ہم نے اس کا پوری طرح ادراک نہیں کیا۔ جن لوگوں کا تعلق گاؤں سے، یا اندرون صوبہ جات کے علاقوں سے ہے وہ اس کی تائید کرینگے کہ گاؤں والوں کے آپس میں گہرے تعلقات ہوتے ہیں۔ رشتہ داری بھی پیچھے چلی جاتی ہے۔ گاؤں کا تعلق سرفہرست ہوتا ہے۔ گاؤں سانجھا ہوتا ہے، اس لئے گاؤں کے ہر گھر کی خبر بھی، گاؤں کی سانجھی خبر ہوتی ہے۔ وہ کسی کے گھر کا رہن سہن، ملازمت، ترقی، موت حتیٰ کہ شوہر بیوی کی ناچاقی بھی اس کے گھر کے مکینوں کا نجی معاملہ نہیں ہوتا۔ فیصلوں کے لئے ان کی

پنچائت ہوتی ہے اور اس کے اپنے اصول ہوتے ہیں اور نفرت کی حد تک ان سے اختلاف رکھنے والے بھی اس کے فیصلوں کے آگے پر نہیں مار سکتے۔ وغیرہ وغیرہ، یہ دنیا آج عالمی گاؤں بن چکی ہے اور یہ انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کا کمال ہے۔

اس گلوبل ویلیج کی پنچائیت اقوام متحدہ ہے۔ عورتوں کے لئے اقوام متحدہ کے ادارے کو یواین ویمن کہا جاتا ہے۔ اس کی جنرل اسمبلی میں عورت کے حقوق کے لئے عالمی کانفرنسز کے انعقاد کا فیصلہ ہوا۔ 1979ء میں ایسی ہی ایک کانفرنس کے موقع پر عورت کے خلاف ہر طرح کے امتیاز کے خاتمے کی دستاویز منظور ہوئی۔ پھر اس پر عملدرآمد کے لئے 13 نکات کا اعلان بیجنگ پلیٹ فارم آف ایکشن کے نام سے ہوا۔ بعد میں اسے مخصوص کرنے کے لئے 8 نکات منتخب کئے گئے اور ان کو MDG's میلینیم ڈویلپمنٹ گولز کہہ دیا گیا۔ اب 2030ء کے لئے ان کے علاوہ قدرے زیادہ تفصیل کے ساتھ SDG's کے 17 نکات کا اعلان ہوا ہے جس میں سے گول نمبر پانچ عورت اور مرد کی برابری کا نکتہ ہے۔ ان سب کے لئے مقدس ریفرنس انسانی حقوق کا منشور ہے۔ CSW ان نکات پر عملدرآمد کے طریقوں میں ضروری ترمیم اور جائزے ومحاسبے کا سالانہ منعقد ہونے والا فورم ہے۔

گذشتہ 31 سالوں سے پالیسی مرد اور عورت کی مساوات ہی ہے۔ اس کو دہرایا جاتا ہے۔ عزم وتجدید عہد کی جاتی ہے۔

اگلا سوال یہ ہے کہ یہ نشستن، گفتن، برخاستن ہی ہے یا اس کے کچھ اثرات بھی ہیں۔

عورت کی سیاسی نمائندگی، بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن کا ایک نکتہ ہے۔ اس کے تحت 2000ء میں یہ پاکستان کو بھی سمجھ آیا۔ اس نے عورتوں کی اسمبلیوں میں 50% نمائندگی کا فارمولا دیا جس کو کچھ رکاوٹوں کے بعد 33 فیصد تک لے آیا گیا۔ جماعت اسلامی کی مرکزی شوریٰ کے اجلاس میں محترم قاضی حسین صاحب کی زیر صدارت طویل بحث ومباحثہ ہوا اور آخر طوعاً وکرہاً یہ فیصلہ کر لیا گیا کہ ہم اپنی عورتوں کو بھی پارلیمنٹ اور لوکل گورنمنٹ میں نمائندگی دینگے۔ یہ اگرچہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی کتاب اسلامی ریاست میں درج موقف کے خلاف تھا مگر عالمی ومقامی دباؤ کے نتیجے میں فیصلہ ہو گیا اور ایم ایم اے کی کامیابی کے نتیجے میں جماعت اسلامی کی خواتین (راقمہ) سینٹ اور چھ قومی اسمبلی کی ممبر بنیں۔ صوبائی ومقامی گورنمنٹ میں نمائندگی ملی۔

پولیٹیکل پارٹی کی مرکزی کمیٹی، مشاورتی ادارے یا فیصلہ ساز فورم میں بھی عورتوں کو موجود ہونا ہے، یہ بھی عورت کی سیاسی نمائندگی کے نکتے کی تفصیلات میں ہے۔ جماعت اسلامی میں بھی مرکزی شوریٰ میں دس خواتین کی شمولیت کا فیصلہ ہوا اور انتخاب ہو گیا۔ ہر پارٹی کو اپنی عددی قوت میں عورتوں کی مخصوص تعداد کو شامل کرنا ہے۔ اس پر عملدرآمد کے لئے بھی پارٹیز مصروف عمل ہیں کہ یہ پولیٹیکل پارٹی کی تعریف میں شامل ہو گا اور الیکشن میں پولیٹیکل پارٹی کو حصہ لینے کے لئے ان شرائط کو پورا کرنا ہو گا۔

عورت پر تشدد CSW60 کی مرکزی سوچ اور Theme تھی۔ گذشتہ CSW59 میں تمام ممالک سے جن نکات پر رپورٹ لی جا رہی تھی ان میں سے ایک ''مقام ملازمت پر تشدد'' پر قانون سازی اور عملدرآمد کے متعلق تھا۔ پاکستان میں یہ بل پاس ہو چکا تھا۔ گذشتہ دنوں پنجاب اسمبلی میں اس بل کا پاس ہونا اور پاکستان مشن کا اپنے پروگرام میں اس کو اپنی کارکردگی کے طور پر پیش کرنا، ملک میں ہونے پر اثرات ظاہر کرتا ہے۔ عورت کی تعلیم مخلوط تعلیم، اعلیٰ تعلیم، ملازمت کے لئے کوٹہ 10 فیصد سے شروع ہو کر بڑھتا جانا وغیرہ وغیرہ تمام حوالے ہیں جو اس بڑی حکومت کی قانون سازی اور فیصلوں کے اثرات ہیں۔ ہم پاکستان میں حکومت کے حصول کے لئے اپنے ووٹ بینک کو بڑھانے کے لئے کوشاں رہنے کے ساتھ، اس عالمی فورم سے آگاہی اور وہاں کے فیصلوں پر اثر انداز ہونے کی بھی منصوبہ بندی کریں۔

افراد کا ایک گروپ جس میں پاکستان اور نیویارک سے ہمہ وقتی کچھ نمائندے شامل کئے جائیں۔ وہ ان دستاویزات اور طریق کار کا عرق ریزی کے ساتھ مطالعہ کریں۔ ان کی روشنی میں سفارشات مرتب کر کے، نظم کی سرپرستی کے ساتھ اس اہم میدان میں کام کرنے والے ہوں دنیا میں دین کے غلبہ کا خواب چومکھی لڑائی کا متقاضی ہے اور یہ وقت کی ضرورت ہے۔

# نیل کے ساحل سے گنبد خضراء تک

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

85 سالہ پروفیسر ڈاکٹر سعاد الفاتح آج کی مسلمان عورت کو اُم عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یاد دلاتی ہیں جب وہ انھی کی طرح حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے طریقہ زندگی پر بڑا فخر کرتے ہوئے اس کا دفاع کرتی ہیں اور ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے اسلام کے خوبصورت پیغام کو چہار عالم میں پھیلاتی نظر آتی ہیں۔ ان کی خدمات کو پیش نظر رکھتے ہوئے افریقن پارلیمنٹ نے انھیں اُم افریقیا، Mother of Africa کا خطاب دیا اور سوڈان حکومت نے اُسے شایان شان طریقہ سے منایا۔ اُنھوں نے انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی بانی ڈاکٹر سعاد الفاتح کے اس اعزاز کی تکریم کے لیے پوری دنیا سے خواتین کو اکٹھا کیا اور ایک بڑی تقریب میں انھیں یہ اعزاز دیا گیا۔

مجھے اور ڈاکٹر کوثر فردوس کو بھی اس تقریب میں شرکت کا اعزاز بخشا گیا۔ ڈاکٹر کوثر فردوس اپنی ایک نجی مصروفیت کی وجہ سے شامل نہ ہو سکیں اور اُنھوں نے ڈاکٹر رخسانہ جبیں صاحبہ صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی کو اس تقریب میں بھیجا۔

ہم 18 مئی کو سوڈان کے شہر خرطوم پہنچے تو ہمیں صدارتی پروٹوکول کے ساتھ شہر کے وسط میں دریائے نیل کے کنارے ایک ہوٹل لے جایا گیا جو عین اس سنگم کے سامنے واقع ہے جہاں ایک روایت کے مطابق سورۂ کہف میں مذکور مجمع البحرین واقع ہے۔ سوڈانی اسے مقرل کہتے ہیں۔ بہت ہی خوبصورت مقام ہے۔ اور دجالی فتنوں کے اس دور میں سورۂ کہف کی ویسے بھی بڑی اہمیت ہے۔ تو یہ جگہ بہت اچھی لگی۔ 19 مئی کو اس تقریب میں پہنچے تو ہر جگہ IMWU کے 20 سال سے بنے روابط کی وجہ سے سب ایک دوسرے سے بہت پیار اور محبت سے ملے۔ سوڈان کے صدر محترم عمر البشیر اور پروفیسر سعاد الفاتح نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور جماعت اسلامی اور اپنے آغا جان کی وجہ سے بہت محبت اور عزت پائی۔ مجھے اُن تین لوگوں کے گروپ میں جگہ دی گئی جنھوں نے بیرونی مندوبین کی نمائندگی کر کے اُستادہ سعاد الفاتح کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ میرے ساتھ لبنان کے اُستاد فتح یکن کی بیٹی ڈاکٹر عائشہ یکن اور ملائیشیا کی وزیر ڈاکٹر ممتاز بھی موجود تھیں۔ ہم نے سوڈان کے صدر اور اُستادہ کو جماعت اسلامی کی قیادت محترم سراج الحق اور محترمہ دردانہ صدیقی کا سلام محبت پہنچایا اُنھیں پاکستانی قوم کی طرف سے سلام عقیدت اور تحائف پیش کیے۔

تقریب میں ہمیشہ کی طرح اُستاد سعاد الفاتح کا کلیدی خطاب مسلمان عورت کے با اختیار اور با صلاحیت ہونے کا توانا اظہار تھا۔ اُنھوں نے مسلمان عورت کو تعلیم کے زیور سے آشنا ہونے اور اپنے مردوں کے دست و بازو بننے اور اپنی نئی نسل کی تربیت پر زور دیا۔ اُنھوں نے کم و بیش وہی الفاظ دہرائے جو حال ہی میں صدر طیب اردگان نے فتح استنبول کے جشن میں کہے تھے۔

دور جدید میں ہمیں جن چیلنجز کا سامنا ہے اس میں اپنے خاندانی نظام کو مستحکم کرنا، اپنے بارے میں شکوک اور شبہات کا ازالہ کرنا اور مسلمان عورت کو دنیا

میں باوقار مقام دلانا تاکہ وہ ایک ایسی نسل کو پروان چڑھا سکے جو تبدیلی میں اہم کردار ادا کرسکے۔
ہمارے بچوں کو سٹریٹ چلڈرن کے نام سے یاد کیا جارہا ہے جو ناقابل برداشت ہے۔ ہم نے اس دنیا کو لیڈرز بنا کر دینے ہیں، سٹریٹ چلڈرن اور گلیوں میں بھٹکنے والے نہیں۔ ہم اس بھٹکتی ہوئی انسانیت کی راہنمائی کے لیے آئے ہیں۔ ہمیں اس دنیا کو آوارہ نسلوں سے برباد نہیں کرنا بلکہ اس کو امن اور سکھ چین کی جنت بنانے کے لیے تہذیب سے بہرہ مند نسلوں کو پروان چڑھانا ہے۔
اُنھوں نے سوڈانی قیادت کو ایک ماں کی طرح جذبوں سے بھرپور خطاب کرتے ہوئے نصیحت کی کہ اپنی قوم کو مجتمع کریں اور اپنی شناخت پر فخر کریں۔
انھوں نے سوڈانی قیادت کو دو نعرے دیئے کہ:

''ہم وہی کھائیں گے جو اگائیں گے'' ''ہم وہی پہنیں گے جو ہم تیار کریں گے''

قیادت پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرے تو نوجوان بھی بڑے فخر کے ساتھ اسے استعمال کریں گے۔ انسانی وسائل کو مادی اور دنیاوی وسائل پر ترجیح دیں۔ ہم میں سے کوئی بھی ایک دوسرے سے بہتر نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ نے ذمہ داریوں پر متعین کردیا ہے تو اللہ تعالیٰ ہمارا آسان حساب لے اور ان مناسب کا حق ادا کرنے کی توفیق دے۔ اپنے محروم طبقات سے محبت کرو اور اپنے ازواج کے دل جیتو تاکہ ہم محبت سے بھرپور معاشروں کی بنیاد رکھ سکیں۔
ان کی زندگی پر مبنی دستاویزی فلم دکھائی گئی جو کہ Women Empowerment کی بہترین مثال تھی۔ اس کے بعد ان کے کارہائے نمایاں پر مبنی ایک کتاب کی رونمائی کی گئی جس میں میرا مضمون سعاد الفاتح My Mother, My teacher بھی شامل ہے۔ اس تقریب میں افریقہ کے کونے کونے سے آئی ہوئی عورتوں نے شرکت کی۔ اور عورت کے بااختیار پروقار اور معتبر ہونے پر مہر ثبت کی۔ اس پروگرام کو سوڈان کے تمام ٹی وی چینلز پر براہ راست نشر کر رہے تھے اور مجھے بڑی خوشگوار حیرت ہوئی جب عین پروگرام کے وسط میں انڈونیشیا کے ایک جزیرے اور غزہ فلسطین سے میرے خطاب کی تصاویر مجھے میری دو بہنوں نے بیک وقت ارسال کیں اور دنیا کے ایک آنگن ہونے کا احساس دلایا۔ رات گئے اس خوبصورت اور عالی شان تقریب کا اختتام ہوا۔
اگلے دن انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی نئی خوبصورت عمارت میں بنے دفتر میں سیکرٹری جنرل ڈاکٹر عفاف سے ملاقات طے تھی۔ ہمارے ساتھ لبنان کے مشہور ابسکا لر استاد فتح یکن کی بیٹی ڈاکٹر عائشہ یکن طرابلس میں واقع مشہور جنان یونیورسٹی کے کوآرڈینیٹر محمد سلطان، شام سے تعلق رکھنے والی صحافی غادہ عزال اور سوڈانی پولیس آفیسر ڈاکٹر عفاف بھی موجود تھیں۔ خواتین کی پولیس کی اس انچارج کے شوہر ادریس سلیمان مصطفی پاکستان میں سیکرٹری رہ چکے تھے اور انھوں نے برادر عزیز عبدالغفار بھائی کا بہت احترام سے ذکر کیا کہ ان کے ساتھ اکثر اسلام آباد میں آغا جان سے ملاقات ہو جاتی تھی اور وہ پاکستان میں ہمیں اپنے ابا کی طرح لگتے تھے۔ اس میٹنگ میں سوڈانی پارلیمنٹ میں ویمن کوکس کی سربراہ ڈاکٹر مظاہر محمد عثمان نے بھی شرکت کی اور انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کے آئندہ لائحہ عمل کے لیے منصوبے کے نکات طے کیے گئے کہ ہم اپنی اس یونین کی آواز کو

مزید کیسے توانا اور موثر بنائیں؟ ہمیں اس کے لیے 2 مرکزی نکات طے کر لینے چاہیں، ایک عالمی سطح پر اور ایک علاقائی سطح پر ہدف مقرر کرنا چاہیے اور اس کے حصول کے لیئے اجتماعی جدوجہد کی جائے۔ IMWU یعنی انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کو UN WOMEN، ویانا اور جینیوا میں عورت کے حقوق کی آواز بننا چاہیے۔ ہمیں مسلمان عورتوں کو بھی ان مرکزی مناصب پر پہنچنا ہے جہاں سیکولر اور لبرل خواتین نے قبضہ جمایا ہے کیونکہ اسلام نے عورت کو ذلت کی عمیق گہرائیوں سے نکال کر عزت وشرف کے بام پر پہنچایا ہے۔ جنرل کانگرس اور آئندہ عالمی یوم حجاب اور یوم خواتین کے لیے بھی نکات طے کیے گئے۔ ہمیں ہم خیال عورتوں کے گروپس سے مشترکات پر بات کرنی چاہیے۔ عیسائی خواتین کا ایک گروپ CWA یعنی Concerned Women of America اور خاندان کے ادارے کے استحکام کے لیے کام کرنے والے Family Watch گروپ کے ساتھ مشترک ایجنڈے پر کام کرنا چاہیے۔

اس سیر حاصل گفتگو کے بعد ہم نے پاکستان کی علاقائی دستکاری کی خوبصورت اشیاء کا تحفہ دفتر کے لیے پیش کیا تو ڈاکٹر مظاہر نے کہا کہ آپ کی قواریر کی یہ خوبصورت ٹوکری ہر جگہ پر پذیرائی حاصل کر رہی ہے۔ سوڈان کے صدر ہوں، اردن کی شہزادی بسمہ اور انڈونیشیا کے وزیر اعظم سب نے اس کی بڑی تعریف کی اور پاکستانی دستکاروں کی ہنرمندی کو سراہا۔

اس کے بعد ہم نے اپنے عظیم راہنما ڈاکٹر حسن ترابی کی تعزیت کے لیے ان کے گھر جانا چاہا مگر وقت کی تنگی آڑے آ گئی اور ان کی اہلیہ وصال المھدی سے فون پر تعزیت کی اور اپنے خاندان، جماعت اور پاکستانی قوم کی طرف سے خراج عقیدت پیش کیا۔ سوڈانی قیادت نے بہت عزت واحترام کے ساتھ رخصت کیا اور عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے جدہ پہنچ گئے۔ یہاں پر میزاب کعبہ کے شاہد انور بھائی میزبان تھے اور انھوں نے بہت محبت اور عزت کے ساتھ ہم سب کو حضور نبی کریم ﷺ کے مسکن پہنچایا۔

اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

راستے میں یہ شعر بہت یاد آتا رہا جو آغا جان ہر وقت سناتے رہتے کہ جب دادا جان مدینہ منورہ پہنچے تو شہر سے باہر سواری سے اُتر گئے اور چپل پاؤں سے اتار دی۔ مجھے کتنی دیر تک یقین نہیں آ رہا تھا کہ میں واقعی شہر حبیب ﷺ میں موجود ہوں۔ تو غنی از ہر دو عالم من فقیر کی صدا اور آغا جان کا زار و قطار رونا یاد آتا رہا۔ آغا جان نے یہاں کا چپہ چپہ ہمیں عشق وجنوں کے جذبوں سے سرشار ہو کر دکھایا تھا۔ اب اصحاب صفہ کا چبوترہ عورتوں کی طرف سے بند تھا۔ یہاں پر آغا جان نے سورۂ محمد، سورۂ فتح اور سورۂ الحجرات پڑھائی تھی۔ ان کی وجہ سے روضہ کی جالیوں کے ساتھ کافی دیر رات کی تنہائیوں میں حضور ﷺ کے حضور حاضر رہے تھے۔ نمازوں میں جب قاری صاحب کی خوبصورت تلاوت سماعتوں سے ٹکراتی تو حضور نبی کریم ﷺ کا محبت وشفقت بھرا وجود محسوس ہوتا۔ مسجد نبوی میں عشق ومحبت کے جذبات نے فضا میں عجیب سی مہک پھیلائی ہوتی ہے۔ یہ لوگ اتنے پیارے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ان کے ساتھ رہ جانے کو پسند کیا۔ اور واقعی ان کی خوش بختی کا کیا ٹھکانہ...؟

وہاں سے واپسی پر طریق ہجرت یعنی اس راستے پر سفر کیا جس پر حضور ﷺ نے صدیوں پہلے اپنے قدموں کو نشان ثبت کیے۔ وہاں سے بدر کا

میدان بھی دیکھا۔ اور تھوڑا اس بات کا افسوس ہوا کہ ہم انسانوں کی تاریخ کو بہت اہتمام سے محفوظ رکھتے ہیں مگر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت رکھنے والی یہ اہم ترین جگہ تو آج ملٹری اکیڈمی کے لیے موزوں ترین تھی کیونکہ میں جب Defence University میں قومی سلامتی کی ورکشاپ میں تربیت حاصل کر رہی تھی تو ہماری کلاسز میں جنگ بدر اور جنگ احد اور جنگ خندق کے نقشے لگے ہوئے تھے اور جنرل صاحب ہمیں بتا رہے تھے کہ ہم آج بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جنگی مہارتوں اور حکمت عملی سے راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ وہاں پر ایک بنگالی چوکیدار نے بہت بے دلی سے مسجد کا دروازہ کھولا اور بڑی بے زاری سے کہا کہ جلدی کر لیں میں نے کسی کام سے جانا ہے۔ بدر کے میدان میں کچرے اور خالی بوتلوں کا ڈھیر پڑا دیکھ کر بہت افسوس ہوا اور دل چاہتا ہے کہ اپنے سعودی راہنماؤں سے دست بستہ عرض کروں کہ اس جگہ کو شایان شان طریقے سے محفوظ کیا جائے اور نئی نسلوں کو یوم الفرقان کی عظیم تاریخ سے آشنا کرانے کا بندوبست کیا جائے۔

وہاں سے مکہ مکرمہ پہنچے تو سعودی حکومت کی خاطر خواہ انتظامی صلاحیتوں کی داد نہ دینا ناانصافی ہوگی۔ اس دفعہ پچھلی زیارتوں کے مقابلے میں ایک خوشگوار تبدیلی یہ دیکھنے میں آئی کہ حرمین شریفین کا عملی انتہائی خوش مزاجی کے ساتھ لوگوں کی راہنمائی کر رہا تھا۔ دل سے دعائیں نکلیں کہ رمضان اور حج کے موسم میں اللہ تعالیٰ انھیں لاکھوں لوگوں کی میزبانی اچھے طریقے سے کرنے کی توفیق اور ہمت دے۔

حرمین شریفین میں Women empowerment کے عجب نظارے دیکھے۔ اس زمانے میں جب اہل مغرب اپنے بوڑھوں کو اولڈ ہاؤس میں چھوڑ آتے ہیں اور ہمارے معاشروں میں بھی وہ چلن شروع ہونے والا ہے مگر اللہ تعالیٰ اپنی برکات کو شامل حال رکھے ہر طرف وہیل چیئرز پر نوجوان اولاد اپنے بوڑھوں (جن میں زیادہ تر مائیں تھیں) کو طواف اور سعی کے لیے لا رہے تھے۔ دو جگہوں پر نوجوان لڑکوں کو دیکھا کہ اپنی ماؤں کی ٹانگیں دابے جا رہے ہیں۔ ایک عرب تھا اور ایک پٹھان۔ میرا دل چاہ رہا تھا کہ ان کے صدقے واری جاؤں۔

ایک بوڑھی مگر بہت ہی قوی الجثہ ماں کو بیٹا اپنے کاندھوں پر واش روم تک لا کر مجھے کہنے لگا کہ باجی میری اماں کو وضو کرا دیں میں نے کہا جی اچھا مگر آئندہ کیا کرو گے تو کہا باجی ہر دفعہ آپ کی طرح اللہ کے گھر میں کوئی نہ کوئی مل جاتا ہے۔ میں ہر سال اپنی ماں کو یہاں لاتا ہوں۔ یہ معذور ہے مگر اس کی خدمت کی وجہ سے میری زندگی میں بڑی برکات ہیں۔ تقریباً 90 فیصد وہیل چیئرز پر مائیں براجمان تھیں۔ حالانکہ باپ بھی تو بوڑھے ہوتے مگر؟ یہ سوچ کر اپنے ماں ہونے پر اور مسلمان ہونے پر بہت فخر محسوس ہوا اور اللہ تعالیٰ کے گھر میں اس پر بڑا پیار آیا کہ ایسا نظام ہمارے لیے بنایا ہے کہ ہر آنکھ میں احترام اور جگہ پر عورت کے لیے سہولت ہے۔ میں نے حرمین شریفین میں عورت کی طاقت کا جو مظاہرہ اور مشاہدہ کیا ہے میں اسے الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ اونچے لمبے، تنومند نوجوان بوڑھی ضعیف عورتوں کے آگے ایسے کندھے جھکائے ہوتے تھے کہ جیسے یہ ان کے بے دام غلام ہوں۔ نوجوان بیویوں کو عمرے کی سعادت سے بہرہ مند کرتے ہوئے انھیں محبت اور حفاظت کی پناہوں میں یوں سمیٹے ہوئے ہوتے تھے کہ ان پر بے پناہ پیار آ جاتا تھا۔ میرا دل کر رہا تھا کہ میں اس پر ایک دستاویزی فلم بناؤں اور شرمین چنائے سے کہوں کہ کبھی یہ مناظر بھی دنیا کو دکھاؤ؟ جدہ ائیر پورٹ پر عورتوں کو بڑی شان سے آرام کرسیوں پر بٹھا کر سارے مرد سامان باندھ کر ٹرالیاں کھینچ رہے تھے تو مجھے دوسرے ائیر پورٹس پر مساواتِ

مردوزن کا نعرہ بلند کرتی ہوئی اور خوار ہوتی ہوئی عورتوں پر بہت ترس آ رہا تھا۔ لاہور ائیر پورٹ پر اتری تو اپنی سرزمین کے لیے دعا کرتے ہوئے باہر نکلی تو گاڑی میں بیٹھتے ہی بچوں نے کہا کہ آپ کی غیر موجودگی میں کونسل نے عورت کے لیے سفارشات جاری کی ہیں جس پر بڑی بحث ہو رہی ہے۔

آپ کی کیا رائے ہے؟

پولیٹیکل پارٹی کی مرکزی کمیٹی مشاورتی ادارے یا فیصلہ ساز فورم میں بھی عورتوں کو موجود ہوتا ہے، یہ بھی عورت کی سیاسی نمائندگی کے نکتے کی تفصیلات میں ہے۔ جماعت اسلامی میں بھی مرکزی شوریٰ میں دس خواتین کی شمولیت کا فیصلہ ہوا اور انتخاب ہو گیا۔ ہر پارٹی کو اپنی عددی قوت میں عورتوں کی مخصوص تعداد کو شامل کرنا ہے۔ اس پر عملدرآمد کے لئے بھی پارٹیز مصروف عمل ہیں کہ یہ پولیٹیکل پارٹی کی تعریف میں شامل ہوگا اور الیکشن میں پولیٹیکل پارٹی کو حصہ لینے کے لئے ان شرائط کو پورا کرنا ہوگا۔

عورت پر تشدد CSW60 کی مرکزی سوچ اور Theme تھی۔ گذشتہ CSW59 میں تمام ممالک سے جن نکات پر رپورٹ لی جا رہی تھی ان میں سے ایک ''مقام ملازمت پر تشدد'' پر قانون سازی اور عملدرآمد کے متعلق تھا۔ پاکستان میں یہ بل پاس ہو چکا تھا۔ گذشتہ دنوں پنجاب اسمبلی میں اس بل کا پاس ہونا اور پاکستان مشن کا اپنے پروگرام میں اس کو اپنی کارکردگی کے طور پر پیش کرنا، ملک میں ہونے پر اثرات ظاہر کرتا ہے۔ عورت کی تعلیم، مخلوط تعلیم، اعلیٰ تعلیم، ملازمت کے لئے کوٹہ 10 فیصد سے شروع ہو کر بڑھتا جانا وغیرہ وغیرہ تمام حوالے ہیں جو اس حکومت کی قانون سازی اور فیصلوں کے اثرات ہیں۔ ہم پاکستان میں حکومت کے حصول کے لئے اپنے ووٹ بینک کو بڑھانے کے لئے کوشاں رہنے کے ساتھ، اس عالمی فورم سے آگاہی اور وہاں کے فیصلوں پر اثر انداز ہونے کی بھی منصوبہ بندی کریں۔

افراد کا ایک گروپ جس میں پاکستان اور نیویارک سے ہمہ وقتی کچھ نمائندے شامل کئے جائیں۔ وہ ان دستاویزات اور طریق کار کا عرق ریزی کے ساتھ مطالعہ کریں۔ ان کی روشنی مین سفارشات مرتب کر کے، نظم کی سرپرستی کے ساتھ اس اہم میدان میں کام کرنے والے ہوں۔ دنیا میں دین کے غلبہ کا خواب چومکھی لڑائی کا متقاضی ہے اور یہ وقت کی ضرورت ہے۔